https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | بدھ 17 ربیع الثانی 1448ھ 30 ستمبر 2026ء | شمارہ:203

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حالا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



احسن بھون کا کیپٹن (ر) صفدر کو 5 ارب روپے ہرجانے کا نوٹس

سینئر وکیل رہنماء احسن بھون نے کیپٹن (ر) صفدر کو 5 ارب روپے کا ہرجانے کا نوٹس بھیج دیا جس میں کہا گیا ہے کہ میری ڈگری بالکل اصل ہے آپ سات دن کے اندر معافی مانگیں ورنہ قانونی کارروائی کا سامنا کریں

احسن بھون نے ہرجانے کا نوٹس لاہور میں کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کو بھجوایا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ احسن بھون نے مارچ 1989 میں پنجاب یونیورسٹی سے بیچلر آف لاز (LL.B) کی ڈگری رول نمبر 828 کے تحت حاصل کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینئر وکیل رہنماء احسن بھون نے کیپٹن (ر) صفدر کو 5 ارب روپے کا ہرجانے کا نوٹس بھیج دیا جس میں کہا گیا ہے کہ میری ڈگری بالکل اصل ہے آپ سات دن کے اندر معافی مانگیں ورنہ قانونی کارروائی کا سامنا کریں۔ ذرائع کے مطابق احسن بھون نے ہرجانے کا نوٹس لاہور میں کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کو بھجوایا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ احسن بھون نے مارچ 1989 میں پنجاب یونیورسٹی سے بیچلر آف لاز (LL.B) کی ڈگری رول نمبر 828 کے تحت حاصل کی، احسن بھون کے پاس یہ ڈگری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر



معیاری تعلیم کیساتھ طلبہ کی اخلاقی تربیت بھی ضروری ہے: محمد افضال

شفاف امتحانی نظام میرٹ کے فروغ اور تعلیمی اسناد کی ساکھ برقرار رکھنے کی ضمانت ہے، رافعہ ملاح

کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین پرائیویٹ اسکولز محمد افضال نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم کے ساتھ طلبہ کی اخلاقی و تربیتی نشوونما پر بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ اسکولوں میں تربیتی پروگرامز اور سیمینارز کے انعقاد سے بچوں میں مثبت سوچ، احساسِ ذمہ داری، والدین و بڑوں کے ادب اور چھوٹوں سے محبت کے جذبے کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ تعلیم و تربیت کے حوالے سے منعقدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاما کے 28-2026 کیلئے نئے عہدیداران منتخب

ہیروشی کاوا امور اچیئرمین، ندیم ملک سینئر وائس چیئرمین اور ثناء اللہ چوہدری وائس چیئرمین مقرر

کراچی (این این آئی) پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پاما) نے 2026-28 کی دوسالہ مدت کیلئے نئے عہدیداران کا انتخاب کرلیا۔ ہیروشی کاوا امور اچیئرمین، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کراچی: کورنگی میں خاتون کو گھر سے بے دخلی کا سامنا

کراچی (این این آئی) کورنگی انڈسٹریل ایریا میں ایک خاتون نے پولیس پر مبینہ طور پر گھر سے بے دخل کرنے اور سامان سڑک پر پھینکنے کا الزام عائد کیا ہے۔ متاثرہ خاتون کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

نادرا میں بائیومیٹرک ڈیٹا کی مفت تجدید شروع

کراچی (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کے لیے بائیومیٹرک ڈیٹا مفت اپ ڈیٹ کرانے کی سہولت شروع کردی۔ نادرا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

برنس گارڈن کے وفد کی عاطف بلیو، منیر گدی سے ملاقات

علاقے کی صورتحال، عوامی مسائل اور بنیادی شہری سہولیات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) برنس گارڈن سے تعلق رکھنے والے وفد نے سماجی رہنما فیصل امتیاز کی قیادت میں سندھ کے وزیر ناصر حسین شاہ کے فوکل پرسن عاطف بلیو اور صدر ٹاؤن کے اپوزیشن لیڈر منیر گدی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقے کی موجودہ صورتحال، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فیصل امتیاز نے علاقہ مکینوں کو درپیش مشکلات، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم بن گئے جنہیں لندن اسٹاک ایکسچینج میں منعقدہ تقریب میں خطاب کرنے کا موقع ملا ہے وزیراعظم شہباز شریف نے لندن اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی

لندن اسٹاک ایکسچینج میں پہلے پاکستانی وزیراعظم کا خطاب

لندن اسٹاک ایکسچینج گروپ کے سی ای او ڈیوڈ سومر اور سینئر حکام نے استقبال کیا بارکلیز کے ہیڈ آف پرائیویٹ بینک اینڈ ویلتھ مینجمنٹ یو کے محمد کمال سید سے ملاقات میں وزیراعظم نے پاکستان میں بینک کی دلچسپی کا خیر مقدم کیا

سٹی کے چیف کلائنٹ آفیسر ڈیوڈ لیونگ اسٹون (David Livingstone) کی قیادت میں اعلیٰ حکام سے ملاقات، پاکستانی ہائی کمشنر برائے برطانیہ طیبو عثمان چوہدری کی موجودگی، ہیڈ آف یو کے انویسٹمنٹ مینکنگ مجید اسحاق سے بھی ملاقات

لندن (احسن علیم نواب خان) شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم بن گئے جسے لندن اسٹاک ایکسچینج میں منعقدہ تقریب میں خطاب کرنے کا موقع ملا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے لندن اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی۔ لندن اسٹاک ایکسچینج گروپ کے سی ای او ڈیوڈ سومر اور سینئر حکام نے استقبال کیا۔ شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جنہیں یہ اعزاز ملا۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، نجکاری کمیشن چیئرمین محمد علی کے ہمراہ لندن اسٹاک ایکسچینج میں خطاب کرنے والے پہلے پاکستانی وزیراعظم بن گئے

کوکین کوئن انمول پنکی کیخلاف مزید 3 مقدمات کا عبوری چالان جمع

6 ماہ بعد درخشاں پولیس نے تفتیش مکمل کرلی، انمول پنکی اور 3 ساتھی گرفتار ظاہر، مقدمات سیشن عدالت منتقل

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت کے روبرو کوکین کوئن انمول عرف پنکی اور دیگر ملزمان کے خلاف منشیات کے مقدمات کی سماعت ہوئی۔ درخشاں پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

افغان میڈیکل طلبہ کو کلاسز سے روکنے کا حکم معطل

سندھ ہائیکورٹ کا بائیومیٹرک رسائی بحال کرنے اور تعلیم میں رکاوٹ نہ ڈالنے کا حکم، پی ایم ڈی سی سے جواب طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں افغان میڈیکل طلبہ کو ملک بدر کیے جانے کے خلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزاروں کے وکیل افتخار شاہ ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

میر رضا کیس؛ اہلخانہ کے وکیل نے پولیس افسران سے تحریری سوالات جمع کرادیے

جوڈیشل کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی کراچی سمیت 3 افسران سے جوابات طلب کیے تھے

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن میں مقتول کے اہلخانہ کے وکیل جبران ناصر ایڈووکیٹ نے سینئر پولیس افسران سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کراچی، قاسم آباد بس اسٹاپ کے قریب پولیس مقابلہ، ایک زخمی سمیت 2 ڈکیت گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے لیاقت آباد میں قاسم آباد بس اسٹاپ کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ڈاؤ یونیورسٹی سے منسلک نرسنگ طلبہ کا ری ٹیک امتحانات کے خلاف احتجاج

کراچی (این این آئی) ڈاؤ یونیورسٹی سے منسلک نرسنگ کالجز کے طلبہ نے سیمسٹر فور کے ری ٹیک امتحانات کے خلاف احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی میں آئندہ 3 روز موسم گرم و مرطوب رہنے کا امکان

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کراچی میں آئندہ 3 روز کے دوران موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیش گوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے نتائج

تھرپارکر کے طلبہ نے حیران کردیا، ٹاپ 20 میں کراچی کا کوئی طالبعلم جگہ نہ بنا سکا

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ کے سرکاری و نجی جامعات اور کالجوں میں میڈیکل کے داخلوں کے لیے منعقدہ ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے نتائج دلچسپ لیکن حیرت انگیز رہے ہیں یہ ٹیسٹ آئی بی اے سکھر کی جانب سے لیا گیا تھا نتائج کے مطابق سندھ میں منعقدہ ایم ڈی کیٹ کے امتحانی نتائج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

عاطف اکرام شیخ نے آسان ٹیکس اسکیم کی حمایت کردی

سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے 25 ہزار روپے فکسڈ ٹیکس کو تاجروں کے حق میں قرار دے دیا

آسان ٹیکس اسکیم کو سابقہ تمام اسکیموں سے بہتر ہے، میاں زاہد حسین، اسکیم کو حکومت پاکستان کی ضمانت حاصل ہے، قاضی حفظ الرحمٰن

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے حکومت کی جانب سے متعارف کرائی جانے والی آسان ٹیکس اسکیم کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے اسے تاجروں کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے کی جانب اہم قدم قرار دیا ہے۔ ایف پی سی سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں اور پالیسی بورڈ کے چیئرمین میاں زاہد حسین آسان ٹیکس اسکیم کے حوالے سے اجلاس میں محو گفتگو

الخدمت کے زیر اہتمام کراچی یوتھ سمٹ کا ایکسپو سینٹر میں آغاز

نوجوان مستقبل کی تیاری کریں، وقت بدل رہا ہے

گورنر سندھ نہال ہاشمی؛ گرین لائن منصوبے پر بھی اظہار خیال

کراچی (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت ''کراچی یوتھ سمٹ 2026'' کا ایکسپو سینٹر کراچی میں آغاز ہوگیا، گورنر سندھ نہال ہاشمی نے تقریب کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی نوید علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ذہنی صحت کے مسائل سے نمٹنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ ضروری ہے، اطہر مختار

مصنوعی ذہانت اور ٹیلی مینٹل ہیلتھ سے ذہنی صحت کی سہولیات تک رسائی بہتر بنائی جاسکتی ہے

عرفان حیدر، ماہرین نے طلبہ اور اساتذہ کی ذہنی صحت کے تحفظ کو اہم ترجیح قرار دیا

کراچی (این این آئی) آٹھویں قومی کانفرنس بعنوان ''ذہنی صحت اور جدید ٹیکنالوجی'' بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی میں منعقد ہوئی، جس میں ماہرین نے ذہنی صحت کے بڑھتے ہوئے مسائل سے نمٹنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے بھرپور استفادے کی ضرورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اٹھارہویں ترمیم ناکام؛ نئے انتظامی یونٹس ناگزیر ہیں، علی خورشیدی

صوبے نہ بننے دینا دو جماعتوں کا نہیں بلکہ دو خاندانوں کا مسئلہ ہے

سندھ میں لنگڑا نظام اور پنجاب میں ون وومن شو ہے، اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی میں ایم کیو ایم کے اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی نے کہا ہے کہ 18ویں ترمیم کچھ ڈیلور نہیں کرسکی، اس لیے نئے انتظامی یونٹس کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

گرین لائن کے متعدد اسٹیشنز پر برقی زینے اور لفٹس خراب

کراچی (این این آئی) گرین لائن بس ریپڈ ٹرانزٹ کے متعدد اسٹیشنز پر نصب برقی زینے اور لفٹس خراب ہونے کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بعض اسٹیشنز پر برقی زینے درست حالت میں ہونے کے باوجود استعمال نہیں کیے جارہے، جبکہ کئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

آئی سی آئی چوک پر ٹریلر نے موٹر سائیکل سوار بہن بھائیوں کو کچل دیا

کراچی (این این آئی) ڈاکس کے علاقے آئی سی آئی چوک کے قریب تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل سوار بھائی اور 2 بہنوں کو کچل دیا، حادثے میں ایک بہن جاں بحق جبکہ بھائی اور چھوٹی بہن زخمی ہوگئے۔ چھپا حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق 18 سالہ لیزا دختر خرم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اورنگی ٹاؤن میں گھر کے اندر گولی لگنے سے کمسن بچی زخمی

فقیر کالونی میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولی سینے پر لگی، 8 سالہ صابعہ تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل

کراچی (این این آئی) اورنگی ٹاؤن کے | علاقے فقیر کالونی میں گھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



جناح اسپتال میں ریپیز آگاہی ورکشاپ کے موقع پر منتظمین صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ کو خصوصی شیلڈ پیش کررہے ہیں شرمیلا فاروقی، پروفیسر طارق رفیع بھی موجود ہیں

ناصر حسین شاہ کی جناح اسپتال میں ریپیز آگاہی ورکشاپ میں شرکت

صوبائی وزیر نے کہا صوبائی حکومت کا کتوں کی نس بندی پروگرام جاری ہے، ریپیز کیسز میں نمایاں کمی ریکارڈ ہوئی ہے

پروفیسر امجد سراج میمن، پروفیسر خالد احمد شیر، ڈاکٹر سراج سانگی، ڈاکٹر سلیمان، ڈاکٹر عرفان سمیت ماہرین نے احتیاطی تدابیر اجاگر کیں

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے جناح اسپتال کراچی میں ریپیز کے حوالے سے عوامی آگاہی کے لیے منعقدہ ورکشاپ میں شرکت کی۔ ورکشاپ میں ریپیز کی روک تھام، بروقت طبی امداد، عوامی آگاہی اور بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے کیے جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پاکستان روانڈا تجارتی معاہدہ، اہم سنگ میل، میاں زاہد حسین

روانڈا 14 ملین، مشرقی افریقہ کی 300 ملین کمیونٹی پاکستانی برآمد کنندگان کیلئے بہترین مواقع ہیں

روانڈا کے وزیر تجارت النون کانجنگوے اور روانڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر نعیم خان نے دستخط کیے




کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ ڈی لنز فورم وآل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، میشن برنس گروپ پاکستان کے چیئرمین ایک پی سی آئی پالیسی اینڈ وائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ن میاں زاہد حسین روانڈا کے وزیر تجارت النون کانجنگوے اور روانڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر نعیم خان نے دستخط کیے ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے لندن اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی۔ لندن اسٹاک ایکسچینج گروپ کے سی ای او ڈیوڈ سومر اور سینئر حکام نے استقبال کیا۔ شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جنہیں یہ اعزاز ملا۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

حسین (ستارہ امتیاز) نے کہا ہے کہ روانڈا کے دارالحکومت کی گالی میں منعقدہ روانڈا پاکستان انویسٹمنٹ فورم کے دوران طے پانے والا یا اہمی تجارتی و معاشی تعاون کا معاہدہ پاکستان کی معیشت کے لیے خوش آئند اور تاریخ ساز پیش رفت ہے۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لارڈز میں سرفراز نواز کی کتاب ریورس سوئنگ کی شاندار رونمائی

یہ کتاب نئی نسل کے فاسٹ بولرز کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بن سکتی ہے، سابق فاسٹ بولر

کتاب کی خریداری اور سرفراز نواز سے آٹوگراف لینے کیلئے لارڈز میں شائقین کی طویل قطاریں لگ گئیں



لندن (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے سابق لیجنڈ فاسٹ بولر سرفراز نواز کی خود نوشت کتاب ریورس سوئنگ کی تقریب رونمائی تاریخی۔ لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں ہوئی جس میں سابق کرکٹرز، پاکستانی و برطانوی شائقین اور کمیونٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کتاب کی خریداری اور سرفراز نواز سے آٹوگراف لینے کے لیے لارڈز میں شائقین کی طویل قطاریں لگ گئیں جبکہ پاکستانی اور برطانوی۔ کرکٹ ماحوں سمیت بڑی تعداد میں افراد نے کتابیں خریدیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سرفراز نواز نے کہا کہ دیو ہیں سونگ محض کرکٹ کی کتاب نہیں بلکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سعید غنی

چھوٹی و متوسط صنعتوں کو سہولتیں فراہم کرنا اولین ترجیح

ای ایف پی کے عہدیداروں مجید عزیز، سید نذر علی، اراکین مہناز کلوڈی، صدف ہاطف، زبیر چھایا، ہارون سشمی اجلاس میں موجود

عالمی سطح پر ایکسپورٹ میں اضافے کیلئے اقدامات کئے جائیں، عمر امعیز، طاہر گوریجا، ایم اے جبار، یوسف درباری، سید حسنین مظہر کا مکالمہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت صوبے میں صنعتوں کو فروغ دینے اور ان کی مشکلات کے ازالے کے لئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹی اور متوسط صنعتوں کو در پیش مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

منشیات کے استعمال سے ڈکیتیوں میں اضافہ ہو رہا ہے، رفیع احمد

کراچی میں رواں سال ڈکیتی مزاحمت پر 60 شہری جاں بحق ہوئے،

منشیات کا خاتمہ کرکے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، صدر تنظیم فانوس

کراچی (این این آئی) تنظیم فانوس کے صدر رفیع احمد نے کہا ہے کہ منشیات کے عادی افراد نہ صرف شہروں کے تعمیراتی حسن کو نقصان پہنچا رہے ہیں بلکہ چوری اور ڈکیتی سمیت دیگر جرائم میں بھی ملوث ہیں۔ خصوصی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ بالخصوص کراچی میں پلوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

گلفام تاج کی جلد صحت یابی کیلئے سیاسی و سماجی شخصیات کی دعائیں

ڈاکٹر عشرت العباد خان سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق

رکھنے والی شخصیات کا رانا گلزار تاج سے رابطہ، خیریت دریافت کی

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ اور میری پہچان پاکستان کے روح رواں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے معروف سینئر سیاستدان، سماجی رہنما اور سیاسی تجزیہ کار رانا گلزار تاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

سی ویو کے قریب ڈوبنے والے تیسرے ماہی گیر کی لاش بھی مل گئی

کشتی حادثے میں 3 ماہی گیر جاں بحق، 2 افراد کو بحفاظت بچا لیا گیا، ریسکیو حکام

کراچی (این این آئی) سی ویو کے قریب سمندر میں کشتی الٹنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

یو سی 8 میں پانی و سیوریج مسائل پر کھلی کچہری 2 اکتوبر کو ہوگی

پانی کی قلت، کم پریشر، آلودہ پانی، اضافی بلنگ اور سیوریج سے متعلق شکایات سنی جائیں گی

کراچی (این این آئی) صوبائی محتسب سندھ | کے زیر اہتمام یو سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



صوبائی وزیر محنت سعید غنی ایمپلائز فیڈریشن پاکستان کے صدر مجید عزیز اور سیکریٹری جنرل سید نذر علی کے ہمراہ اراکین اجلاس سے خطاب کررہے ہیں



کراچی: معروف بزنس مین یحییٰ پولانی مرحوم کی یاد میں منعقدہ تعزیتی تقریب کے موقع پر مرزا اختیار بیگ، مرزا شتیاق بیگ، صدر کراچی ایڈیٹرز کلب مبشر میر، سیکرٹری جنرل منظر نقوی اور دیگر کا گروپ فوٹو

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

وفاق اور خیبر پختونخوا حکومت کی بڑھتی کشیدگی۔۔!

وفاق اور خیبر پختونخوا کی حکومتوں کے درمیان کشیدگی کے باعث صوبے میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاق صوبے میں گورنر راج سمیت مختلف آپشنوں پر غور کر رہا ہے جبکہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بھی جوابی حکمتِ عملی طے کرنے میں مصروف ہے۔ یہ بات زبان زدِ عام ہے کہ وفاقی حکومت صوبے میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے کا جائزہ لے رہی ہے جبکہ پی ٹی آئی اسمبلی تحلیل کرنے یا وزیراعلیٰ کی تبدیلی کے آپشن پر غور کر رہی ہے۔ سیاسی ناقدین کے نزدیک تحریک انصاف کی طرف سے 27 ستمبر کا احتجاج اور لانگ مارچ ختم کرنے کے بجائے محض ملتوی کیے جانے کے بعد صوبے میں اَمن وامان کی بدتر صورتحال اور بڑھتی دہشت گردی کی بحث زور پکڑ رہی ہے۔خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ وہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے جانے اور علی امین گنڈاپور کے آنے کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے تاہم وزیراعلیٰ ہاؤس سے باقاعدہ استعفیٰ آیا تو منظور کر لیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی موجودہ حالات میں لانگ تو کیا شارٹ مارچ کرنے کے قابل بھی نہیں ہے، تاریخ پر تاریخ دینے سے کام نہیں چلتا۔اُن کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی ڈرون حملوں کی مذمت تو کرتے ہیں لیکن افغانستان سے کواڈ کاپٹروں کے حملے کی کوئی مذمت کی گئی اور نہ ہی اسمبلی میں کوئی قرارداد لائی گئی۔گورنر ہاؤس کی طرف سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت سے رابطہ کر کے اَمن وامان پر وفاقی کابینہ کا اجلاس گورنر ہاؤس میں بلانے کا مشورہ دیا گیا ہے جبکہ وزیرِ اعلیٰ سے اپیکیس کمیٹی کا اجلاس بلانے کی درخواست بھی کی گئی ہے۔وزیرِ اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ کا ایک نجی ٹی وی چینل سے بات کرتے ہوئے کہنا تھا کہ وفاق کے پاس گورنر راج کا آپشن موجود ہے تاہم ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا لیکن یہ بھی درست ہے کہ وفاقی حکومت آئینی طور پر کسی بھی صوبے میں جن وجوہ کی بنیاد پر گورنر راج لگا سکتی ہے ان تمام شرائط پر خیبر پختونخوا حکومت پورا اترتی ہے، صوبائی حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جارہی۔ دوسری جانب سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے ارکان اسمبلی، وزراء اور دیگر پارلیمانی عہدیداروں سے متعلق پولیس کارروائیوں کا ریکارڈ طلب کرلیا ہے۔



جیکب آباد کسٹم چوکی کی ملی بھگت بے نقاب! حساس ادارے کا چھاپہ

بلوچستان سے اسمگل شدہ 700 بوریاں خشک دودھ برآمد، بیگاری پل کے قریب حساس ادارے کی زبردست کارروائی



جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد کسٹم چوکی کی ملی بھگت بے نقاب! حساس ادارے کا چھاپہ، بلوچستان سے اسمگل شدہ 700 بوریاں خشک دودھ برآمد، بیگاری پل کے قریب حساس ادارے کی زبردست کارروائی؛ غیر ملکی سامان سے بھرا ٹرک ڈرامائی انداز میں تحویل میں لے لیا گیا! متعدد سرکاری وکسٹم چوکیوں کو 'سب اچھا ہے' کی رپورٹ دے کر عبور کرنے والے اسمگلنگ نیٹ ورک کا پول کھل گیا! (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جیکب آباد سول ہسپتال ڈاکٹر رام چند مندوانی نے ایم ایس سول اسپتال کا چارج سنبھالنے پر والدہ کو اپنی چیئر پر بٹھایا



جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد سول ہسپتال ڈاکٹر رام چند مندوانی ایم ایس، سول اسپتال چارج سنبھالنے پر ڈاکٹر رام چند مندوانی اپنی والدہ کو اپنی چیئر پر بٹھایا۔ چارج سنبھالتے ہوئے اپنی والدہ کے بارے میں اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سول ڈیفنس سندھ کو فوری طور پر فعال اور مؤثر بنانے کا مطالبہ موجودہ حالات میں سول ڈیفنس کو ہر وقت الرٹ رکھنے کی ضرورت ہے ڈپٹی چیف وارڈن خلیل اللہ خان

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس میر پور خاص خلیل اللہ خان نے سندھ کے مختلف اضلاع کے چیف وارڈنز، ڈپٹی چیف وارڈنز اور ڈویژنل وارڈنز سے مشاورتی رابطوں کے بعد اس امر پر زور دیا ہے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر صوبے میں سول ڈیفنس کے نظام کو فوری طور پر فعال اور مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے محکمہ داخلہ سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر کمبائنڈ کنٹرول اینڈ رپورٹ سینٹرز اور ون سوچ سائرن سسٹم فعال کیے جائیں، جبکہ سول ڈیفنس کے لیے ضروری گاڑیاں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جیکب آباد میں آبادی پولیس کا بڑا ایکشن! بچل واہ کے قریب مسلح مقابلے کے بعد سنگین مقدمات میں مطلوب خطرناک ڈاکو ذوالفقار معرفانی ہلاک



جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں آباد پولیس کا بڑا ایکشن! بچل واہ کے قریب مسلح مقابلے کے بعد سنگین مقدمات میں مطلوب خطرناک ڈاکو ذوالفقار معرفانی ہلاک، رہزنی کی واردات کے دوران شہری کو گولی مار کر زخمی کرنے والے ڈاکو کا پولیس نے تعاقب کر لیا؛ شدید فائرنگ کے تبادلے میں بدنام زمانہ ڈاکو ذوالفقار معرفانی شدید زخمی حالت میں گرفتار بعد میں دم توڑ گیا تفصیلات کے مطابق جیکب آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے سنگین وارداتوں میں مطلوب بدنامِ زمانہ ڈاکو کو پولیس مقابلے کے بعد ہلاک کر دیا ہے۔آباد تھانے کی حدود بچل واہ کے قریب 5 مسلح ڈاکوؤں نے راستے سے گزرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

میر پور خاص میں منظم گروہ سرگرم گذشتہ ایک ماہ کے دوران 45 گیس میٹر چوری ہوگئے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص میں منظم گروہ سرگرم گذشتہ ایک ماہ کے دوران 45 گیس میٹر چوری ہوگئے۔ سٹلائٹ ٹاؤن اور محمود آباد تھانے کی حدود میں وارداتیں عام ہونے لگیں۔تفصیلات کے مطابق میر پور خاص شہر کے سٹلائٹ ٹاؤن تھانہ کی حدود سمیت محمود آباد تھانے کی حد کے متعدد علاقوں میں گیس میٹر چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہوتا جارہا ہے شہریوں کا کہنا تھا کہ رات یا صبح کے اوقات میں کپڑا چننے والے اور دیگر ملزمان کی جانب سے گھروں کے میٹر کھولنے کے ساتھ میٹر کو پائپ سمیت توڑ کر لیجانے کی وارداتیں عام ہو چکی ہے متعدد علاقوں میں گیس میٹر چوری کی وارداتوں کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آنے کے باوجود متعلقہ تھانوں کی جانب سے کوئی بھی کاروائی نا کرنے کے سبب شہریوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔گیس حکام کی جانب پولیس کو لیٹر بھی جاری کیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

میونسپل کارپوریشن میر پور خاص کا بلدیہ شاپنگ سینٹر کے دکانداروں کو ٹیکس واجبات جمع کرانے کی وارننگ، تجاوزات کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میونسپل کارپوریشن میر پور خاص کے ٹیکسیشن آفیسر عبدالسلام میمن کی جانب سے بلدیہ شاپنگ سینٹر کے دکانداروں کو ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی کی وارننگ جاری کر دی گئی، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ٹیکسیشن آفیسر نے بتایا کہ بلدیہ شاپنگ سینٹر میں کئی دکاندار میونسپل کارپوریشن کے کرایہ دار ہیں جنہوں نے کئی سالوں سے کرایہ نامے کا ایگریمنٹ نہیں کیا اور ان پر کرایوں کی بھاری بقایا جات ہیں جس کی وجہ سے کارپوریشن کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ بلدیہ شاپنگ سینٹر میں تجاوزات کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ہائی کورٹ کے حکم پر میر پور خاص میں اسپتال کے خلاف کارروائی، متعلقہ حکام کو معاونت کی ہدایت

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) سندھ ہائی کورٹ سرکٹ کورٹ میر پور خاص نے آئینی درخواست نمبر D-670/2026 کی سماعت کے دوران متعلقہ اسپتال کو جزوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



ایس ایس پی کیپٹن (ر) فیضان علی نے لیڈی پولیس کانسٹیبل زیبا لاشاری کیساتھ مبینہ زیادتی کے معاملے کا نوٹس لے لیا



جیکب آباد (نامہ نگار) لیڈی پولیس کانسٹیبل زیبا لاشاری کو مکمل تحفظ اور معاونت فراہم کی جارہی ہے۔جیکب آباد پولیس کی جانب سے لیڈی پولیس کانسٹیبل زیبا لاشاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جیکب آباد محکمہ تعلیم میں کرپشن کا گند اچھیل! معذور چوکیدار سے بائیو میٹرک اپ ڈیٹ کرنے کے بدلے رشوت کا مطالبہ

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد محکمہ تعلیم میں کرپشن کا گند اچھیل! معذور چوکیدار سے بائیو میٹرک اپ ڈیٹ کرنے کے بدلے رشوت کا مطالبہ، ڈی جی مانیٹرنگ کا سخت نوٹس، مانیٹرنگ اسسٹنٹ گلزار ملغانی کی غریب اور معذور چوکیدار رحمت اللہ کٹوہر سے رشوت خوری کی کوشش بے نقاب؛ ڈی جی مانیٹرنگ سندھ نے چیف مانیٹرنگ آفیسر جیکب آباد سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ایم پی اے نواب تیمور تالپور کی اسسٹنٹ کمشنر کنری سے والدہ کے انتقال پر تعزیت، فاتحہ خوانی

کنری (رپورٹ رضوان مغل) اسسٹنٹ کمشنر کنری سے والدہ کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری، پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی نواب تیمور تالپور نے کنری پہنچ کر اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان بھنگوار سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور گہرے دکھ و افسوس کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطر دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

میر پور خاص: جاوید بابر ایڈووکیٹ روٹری کلب کی 75 ویں سالگرہ تقریبات کے چیئرمین مقرر



میر پور خاص (بیورو چیف خلیل اللہ خان) ممتاز قانون دان اور ہلال احمر کے سابق چیئرمین جاوید بابر ایڈووکیٹ کو روٹری کلب آف میر پور خاص کی 75 ویں سالگرہ تقریبات کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا۔ یہ اعزاز کلب کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے پر دیا گیا ہے روٹری کلب آف میر پور خاص اپنی 75 ویں سالگرہ شایان شان انداز میں منائے گا، جس کے سلسلے میں مختلف تقریبات اور سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ جاوید بابر ایڈووکیٹ کی بطور چیئرمین تقرری کو ان کی سماجی، فلاحی اور پیشہ ورانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

Proundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

پروفیسر نازلی حسین نے ڈاؤ یونیورسٹی میں بگ اینڈ ڈرگ کلینیکل ڈیٹرن سپورٹ ایپ متعارف کرادی

پروفیسر محمد سعید قریشی، ڈاکٹر منیبہ احسن سعید اور ڈاکٹر فضہ فاروقی نے ایپ کے طبی استعمال اور مقامی اہمیت اجاگر کی

پروفیسر سید فیصل محمود، ڈاکٹر اسماء نسیم اور ڈاکٹر عبدالواحد راجپوت نے اینٹی مائیکروبیل ریزسٹنس سے نمٹنے میں ایپ معاون قرار دی

ڈاکٹر اظہار حسین نے مقامی تحقیق، ڈیٹا اور معیاری گائیڈ لائنز کی ضرورت اجاگر کی، ماہرین نے ایپ کو ارتقائی پلیٹ فارم قرار دیا



کراچی (بزنس رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (DUHS) میں متعدی امراض کے علاج اور اینٹی مائیکروبیل ادویات کے ذمہ دارانہ استعمال میں معاونت کے لیے مقامی طبی ضروریات کے مطابق تیار کردہ ''بگ اینڈ ڈرگ'' (Drug & Bug) کلینیکل ڈیٹرن سپورٹ ایپ باقاعدہ طور پر متعارف کرادی گئی۔ ماہرین نے کہا ہے کہ یہ ایپ خاص طور پر ایسے اسپتالوں اور طبی مراکز میں ڈاکٹروں کے لیے معاون ثابت ہوسکتی ہے جہاں ہر وقت متعدی امراض کے ماہر کی دستیابی ممکن نہیں ہوتی، یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نازلی حسین نے سندھ انسٹیٹیوٹ آف انفیکشیس ڈیزیز اسپتال ا?ڈیوریم میں کے بٹن دبا کر ایپ کا رسمی افتتاح کیا جبکہ پروفیسر ایمریطس ڈاکٹر محمد سعید قریشی نے ایپ کی پبلیکیشن کا آغاز کیا ،تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتہائی اہم اور قابلِ تحسین کاوش ہے، پاکستان میں متعدی امراض کے ماہرین کی تعداد محدود ہے، خصوصاً چھوٹے اور سیکنڈری کیئر اسپتالوں میں ہر وقت انفیکشس ڈیزیز زاسپیشلسٹ کی موجودگی ممکن نہیں ہوتی۔ ایسے حالات میں یہ ایپ ڈاکٹروں کو مریض کے بستر پر ہی شواہد پر مبنی طبی رہنمائی فراہم کرسکتی ہے، یونیورسٹی اس منصوبے کی آئندہ بھی بھرپور معاونت جاری رکھے گی۔انہوں نے تجویز دی کہ ایپ کے استعمال کے طریقہ کار پر ایک مختصر رہنمائی کا طریقہ (Tutorial تیار کر کے یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ ڈاکٹرز اس سے استفادہ کرسکیں پروفیسر ڈاکٹر نازلی حسین نے اس امر کی بھی نشاندہی کی کہ ایپ کو مقامی اسپتالوں کے اعداد وشمار کے مطابق باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرنا اہم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ ایپ کو ہسپتال کی سطح پر استعمال کیا جائے یا شہر اور خطے کے مقامی ڈیٹا کے مطابق مزید وسیع کیا جائے۔ انہوں نے زچگی کے بعد ہونے انفیکشن (Sepsis Puerperal) جیسے امراض میں اس کے ممکنہ استعمال اور سیکنڈری کیئر اسپتالوں میں اس کے کردار پر بھی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ وائس چانسلر نے منصوبے کے لیے سابق وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی کی رہنمائی کو بھی سراہا اور کہا کہ یونیورسٹی اپنے فیکلٹی ممبران کی علمی، تحقیقی اور تخلیقی کاوشوں کی حوصلہ افزائی اور معاونت جاری رکھے گی۔ ڈاکٹر منیبہ احسن سعید نے ایپ کے تعارف اور اس کے پس منظر پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ ''بگ اینڈ ڈرگ''، ڈاکٹر کو مریض کی حالت دیکھ کر طبی فیصلے کرنے میں مدد فراہم کرے گی جو پاکستان کے طبی اور مقامی تناظر کو سامنے رکھتے ہوئے تیار کی گئی ہے۔اس کا بنیادی تصور ہی اس کے نام میں موجود ہے صحیح جراثیم (Bug) کی شناخت اور اس کے لیے صحیح دوا (Drug) کا انتخاب انہوں نے بتایا کہ ایپ میں 113 متعدی امراض، 141 Agents Etiological اور 75 Antimicrobials شامل کیے گئے ہیں سابق وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بار بار ہونے انفیکشنز اہم مسئلہ ہیں اس ایپ سے بھرپور استفادہ کیے جانے کی امید ہے، ڈاکٹر منیبہ اور ڈاکٹر فضہ فاروقی نے بتایا کہ ایپ کا مقصد طبی ماہرین کی جگہ لینا نہیں بلکہ انہیں طبی فیصلہ لینے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ایپ کے عملی مظاہرے کے دوران بتایا گیا کہ اس میں Consult ID Quick اور کری ٹائن کلیرنس کے کیلکولیٹرز بھی موجود ہیں۔ NEWS2 کے ذریعے مریض کے خطرے کی درجہ بندی اور سپیسس کی صورت میں اینٹی بایوٹک شروع کرنے کے مناسب وقت کے تعین میں مدد ملتی ہے۔

پروفیسر رفعت سلطانہ کی زیرنگرانی کراچی انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز میں عالمی یوم قلب پر آگاہی تقریب

پروفیسر محمد اسحاق، پروفیسر منصور احمد اور پروفیسر خالدہ سومرو نے دل کے امراض سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر پر روشنی ڈالی

پروفیسر ایس ایم فقا، پروفیسر شاہد احمد، پروفیسر طارق اشرف اور پروفیسر خان شاہ زمان نے صحت مند طرز زندگی کی اہمیت اجاگر کی

ڈاکٹر اکرم سلطان، ڈاکٹر عالیہ کمال، پروفیسر اسد اللہ حسینی اور پروفیسر عارف الرحمٰن نے بروقت طبی معائنے پر زور دیا



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز کے زیر اہتمام پاکستان کارڈیک سوسائٹی کراچی شاخ کے تعاون سے عالمی یوم قلب کے موقع پر عوامی آگاہی پروگرام محمد علی جناح آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ تقریب کا بنیادی مقصد شہریوں کو دل کے امراض کی روک تھام، صحت مند طرز زندگی اپنانے، بیماری کی ابتدائی علامات پر توجہ دینے اور باقاعدگی سے طبی معائنہ کرانے کی اہمیت سے آگاہ کرنا تھا۔تقریب میں ماہرین قلب، ڈاکٹرز، طبی ماہرین، ادارے کے افسران، طبی عملے اور شہریوں نے شرکت کی۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ دل کے امراض سے بچاؤ کے لیے صرف بیماری ظاہر ہونے کے بعد علاج پر انحصار کرنے کے بجائے احتیاطی تدابیر اور بروقت تشخیص کو معمول زندگی کا حصہ بنانا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ متوازن غذا، باقاعدہ جسمانی سرگرمی، مناسب وزن برقرار رکھنا، ذہنی دباؤ میں کمی اور صحت سے متعلق مثبت عادات دل کو صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ پروگرام کے دوران شرکاء کی مختلف طبی جانچ بھی کی گئی۔ ماہرین اور طبی عملے کی جانب سے جسمانی وزن اور قد کے تناسب کا جائزہ لیا گیا، جبکہ خون میں شکر کی سطح کی جانچ بھی کی گئی۔ شرکاء کو ان کے صحت سے متعلق نتائج اور طرز زندگی میں ضروری تبدیلیوں کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر عوام کو یہ پیغام بھی دیا گیا کہ معمولی علامات کو نظر انداز کرنے کے بجائے بروقت ڈاکٹر سے رجوع کرنا صحت کے بہتر نتائج کے لیے انتہائی اہم ہے۔تقریب کے مقررین میں پروفیسر محمد اسحاق، پروفیسر منصور احمد، پروفیسر خالدہ سومرو، پروفیسر ایس ایم فقا، پروفیسر شاہد احمد، پروفیسر طارق اشرف، پروفیسر خان شاہ زمان، ڈاکٹر اکرم سلطان، ڈاکٹر عالیہ کمال، پروفیسر اسد اللہ حسینی اور پروفیسر عارف الرحمٰن شامل تھے۔ ماہرین نے اپنے خطاب میں دل کے امراض کے مختلف خطرات، ان سے بچاؤ کے طریقوں اور روزمرہ زندگی میں صحت مند عادات اپنانے کی ضرورت پر تفصیلی گفتگو کی۔مقررین نے کہا کہ موجودہ دور میں غیر متوازن خوراک، جسمانی سرگرمیوں میں کمی، وزن میں اضافہ، ذہنی دباؤ اور دیگر عوامل انسانی صحت کو متاثر کر رہے ہیں، اس لیے عوام میں صحت سے متعلق شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ گھر سے لے کر تعلیمی اداروں اور کام کی جگہوں تک صحت مند طرز زندگی کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششیں کی جانی چاہئیں۔تقریب کی نظامت ڈاکٹر ساجد علی خان اور ڈاکٹر شیریں عارف نے کی۔ ادارے کی سربراہ پروفیسر رفعت سلطانہ اور نائب سربراہ ڈاکٹر آصف خان نے بھی پروگرام میں شرکت کی۔انہوں نے عالمی یوم قلب کے حوالے سے منعقدہ آگاہی سرگرمیوں کو عوامی صحت کے لیے اہم قرار دیا اور اس بات پر زور دیا کہ دل کے امراض کے حوالے سے آگاہی کو صرف ایک دن تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ سال بھر عوام کو احتیاطی تدابیر، صحت مند خوراک اور باقاعدہ طبی معائنے کی ترغیب دی جانی چاہیے۔ منتظمین کے مطابق پروگرام کا مقصد عوام کو دل کے امراض کے ممکنہ خطرات سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں اپنی صحت کے حوالے سے ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے کی ترغیب دینا تھا۔ اس موقع پر شرکاء بتایا گیا کہ صحت مند طرز زندگی اختیار کرنا، باقاعدہ ورزش کرنا، خوراک میں احتیاط برتنا اور طبی ماہرین سے بروقت مشورہ لینا دل کی صحت کے تحفظ میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ منتظمین نے کہا کہ عالمی یوم قلب عوام کو یہ یاد دہانی کرانے کا اہم موقع فراہم کرتا ہے کہ دل کی صحت کا براہ راست تعلق روزمرہ معمولات اور طرز زندگی سے ہے۔







بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

کرپشن، رشوت خوری اور پرائیویٹ فرنٹ مینوں کے ذریعے اسمگلروں سے ڈیل کرنے پر کسٹم چوکی انچارج انسپکٹر باقر کلوڑ کا فوری تبادلہ تفصیلات کے مطابق بلوچستان سے سندھ میں غیر ملکی سامان کی منظم اسمگلنگ کے خلاف حساس ادارے نے جیکب آباد کے قریب کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے کی اسمگلنگ ناکام بنا دی ہے۔کئی سرکاری ناکوں اور کسٹم کی چوکی عبور کرنے والی غیر ملکی سامان سے لدی ٹرک کو حساس ادارے کے اہلکاروں نے پچھاڑ کر پکڑ لیا، جس کے بعد کسٹم حکام کی کارکردگی اور مبینہ ملی بھگت پر شدید سوالات اٹھ گئے ہیں۔ذرائع سے ملنے والی تفصیلات کے مطابق حساس ادارے نے خفیہ اطلاع پر جیکب آباد بائی پاس اور بگاری پل کے قریب ناکہ بندی کر کے بلوچستان کی سمت سے آنے والی ایک مشکوک ٹرک کو روکا ٹرک کی تلاشی لینے پر اس کے اندر سے غیر ملکی خشک دودھ کی 700 سے زائد بوریاں برآمد ہوئیں، جن کی مالیات لاکھوں روپے بتائی جاتی ہے۔حیران کن طور پر اسمگل شدہ سامان سے بھرا یہ ٹرک بلوچستان سے لے کر جیکب آباد بائی پاس تک متعدد سرکاری اداروں اور کسٹم کی چوکیوں کو با آسانی کراس کرتا ہوا پہنچا تھا، لیکن کسی بھی نالائق یا مبینہ طور پر ملحقہ اہلکار نے اسے پکڑنے کی زحمت نہ کی۔حساس ادارے کی اس کامیاب کارروائی اور اسمگلنگ کے دندناتے ہوئے نیٹ ورک کے افشاء ہونے کے فوراً بعد کسٹم انتظامیہ میں زلزلہ آ گیا ہے جیکب آباد بائی پاس کسٹم چوکی کے انچارج انسپکٹر باقر کلوڑ کو فوری طور پر ان کے عہدے سے ہٹا کر تبادلہ کر دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق کسٹم انچارج پر شدید بدعنوانی، رشوت خوری اور پرائیویٹ افراد (فرنٹ مینوں) کے ذریعے اسمگلروں کے ساتھ نذرانوں اور منتھلی کی ڈیلیں کرنے کا سنگین الزام ثابت ہونے پر یہ سخت قدم اٹھایا گیا ہے۔اس بڑے واقعے کے بعد شہریوں اور تجارتی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ صرف کسٹم انچارج کا تبادلہ کافی نہیں، بلکہ بلوچستان اور سندھ کی سرحد پر موجود تمام چیک پوسٹوں کے اہلکاروں کی تحقیقات کی جائے جن کی آنکھوں کے سامنے سے اسمگل شدہ ٹرک گزرا۔پرائیویٹ فرنٹ مینوں اور کسٹم افسران کے گٹھ جوڑ کے خلاف ایف آئی اے کے ذریعے مقدمات درج کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

سیل کیے جانے اور بعض مریضوں کی موجودگی کے باعث مکمل سیل نہ ہونے پر مزید کارروائی کے لیے وقت دے دیا اور سماعت 30 ستمبر 2026 تک ملتوی کر دی۔عدالتی حکم کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن میرپورخاص انیل کمار نے عدالت کو بتایا کہ متعلقہ اسپتال کو جزوی طور پر سیل کر دیا گیا تھا، تاہم بعض مریضوں کی موجودگی کے باعث اسے مکمل طور پر سیل نہیں کیا جا سکا۔انہوں نے مزید کارروائی کے لیے ڈپٹی کمشنر میرپورخاص سے معاونت حاصل کرنے کے لیے مہلت طلب کی، جسے عدالت نے منظور کر لیا۔بعد ازاں ڈپٹی کمشنر وکلکٹر میرپورخاص کے دفتر سے 15 ستمبر 2026 کو جاری کردہ مراسلے میں ایس ایس پی میرپورخاص، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میرپورخاص اور اسسٹنٹ کمشنر میرپورخاص کو ڈپٹی ڈائریکٹر سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کے ساتھ مکمل تعاون اور ضروری معاونت فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔مراسلے میں کہا گیا ہے کہ سندھ ہائی کورٹ کے 2 ستمبر 2026 کے حکم کی روشنی میں مناسب کارروائی عمل میں لائی جائے، جب کہ اسپتال میں غیر قانونی طور پر داخل مریضوں کے ڈسچارج، منتقلی یا انخلا کے لیے بھی ضروری معاونت فراہم کی جائے اور انہیں بحفاظت متعلقہ ادارے یا ان کے اہل خانہ کے حوالے کرنا یقینی بنایا جائے۔سماعت کے موقع پر درخواست گزار کی جانب سے افضل کریم وڑک ایڈووکیٹ جب کہ سرکاری حکام کی جانب سے متعلقہ افسران اور وکلا پیش ہوئے۔مختلف جواب دہندگان کی جانب سے دائر کردہ جوابات عدالت نے ریکارڈ کا حصہ بنا لیے۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

گئے ہیں جس میں متعلقہ متاثرہ تھانوں کی حدود میں کارروائی کی درخواست کی گئی ہے شہریوں نے ڈی آئی جی اور ایس ایس پی میرپورخاص سے اپیل کرتے ہوئے شہر بھر میں گیس میٹر چوری وارداتوں کی روک تھام اور ملزمان کی گرفتاری کے ساتھ گیس میٹر خریدنے والے عناصروں کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

کے ساتھ مبینہ زیادتی کے معاملے کا علم ہوتے ہی ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی کی ہدایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے سول لائن تھانے میں متاثرہ کی شکایت پر ایف آئی آر درج کر کے نامزد ملزم قاسم لاشاری کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جبکہ زیبا لاشاری کے بیانات بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں۔متاثرہ لیڈی پولیس اہلکار کا میڈیکل چیک اپ بھی کرایا گیا ہے، جس کی رپورٹ تا حال موصول نہیں ہوئی اور کیس کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔متاثرہ لیڈی پولیس اہلکار زیبا لاشاری کی حفاظت کے پیش نظر پولیس ہیڈکوارٹر میں سرکاری رہائشی کوارٹر فراہم کیا گیا ہے، جہاں انہیں محفوظ ماحول کے ساتھ ہر ممکن ضروری سہولت بھی مہیا کی جا رہی ہے۔ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی نے کہا ہے کہ لیڈی پولیس کانسٹیبل زیبا لاشاری کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی اور معاملے میں انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی نواب تیمور تالپور نے کنری میں اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان بھنگوار سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور ان کی والدہ کے انتقال پر دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی۔اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما عمران خان، پی ایس عامر خان اور دیگر پارٹی رہنما بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر ایم پی اے نواب تیمور تالپور نے محمد خان بھنگوار اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ والدہ کا انتقال ایک انتہائی بڑا صدمہ ہے، جس کا ازالہ ممکن نہیں، تاہم اللہ تعالیٰ کی رضا پر صبر و شکر کرنا ہی مومن کا راستہ ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی ہمت اور صبر جمیل عطا کرے۔ملاقات کے دوران مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔اس موقع پر موجود سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی اسسٹنٹ کمشنر محمد خان بھنگوار اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

ہنگامی اور تفصیلی رپورٹ طلب کر لی! سی ایم او کی چارج رکھنے والے اے سی گڑھی خیرو عمران چانڈیو کا ایکشن: دونوں فریقین کے بیانات قلمبند، تفصیلی رپورٹ جلد ڈی جی مانیٹرنگ کو بھیجی جائے گی تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم سندھ کے مانیٹرنگ اینڈ ایولیوئیشن ونگ میں کالی بھیڑوں اور رشوت خور اہلکاروں کے خلاف بڑی کارروائی کا آغاز ہو گیا ہے۔جیکب آباد میں بائیومیٹرک سسٹم کو غریب اور معذور ملازمین کی بلیک میلنگ کا ذریعہ بنانے والے مانیٹرنگ اسسٹنٹ کے خلاف مظلوم معذور چوکیدار کی درخواست پر اعلیٰ حکام نے سخت نوٹس لے لیا ہے۔محکمہ تعلیم کے معذور چوکیدار رحمت اللہ کٹوہر نے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) مانیٹرنگ سندھ کو تحریری درخواست ارسال کی تھی، جس میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ مانیٹرنگ اسسٹنٹ گلزار ملغانی نے معذور چوکیدار کی بائیومیٹرک کی تبدیلی اور حاضری ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کرنے کے عوض ناجائز رقم اور رشوت کا مطالبہ کیا۔معذور ملازم کی درخواست اور شکایت کا سنجیدہ نوٹس لیتے ہوئے ڈی جی مانیٹرنگ سندھ نے چیف مانیٹرنگ آفیسر جیکب آباد کو فوری تحقیقات کر کے تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کا حکم جاری کر دیا۔جس پر چیف مانیٹرنگ آفیسر کا اضافی چارج رکھنے والے اسسٹنٹ کمشنر گڑھی خیرو عمران چانڈیو نے فوری ایکشن لیا اے سی عمران چانڈیو نے رابطے پر تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے مانیٹرنگ اسسٹنٹ گلزار ملغانی اور متاثرہ معذور چوکیدار رحمت اللہ کٹوہر دونوں کو طلب کر کے ان کے الگ الگ بیانات تفصیلی طور پر قلمبند کر لیے ہیں تمام حقائق، دستاویزات اور بیانات کی روشنی میں حتمی اور غیر جانبدارانہ انکوائری رپورٹ تیار کی جا رہی ہے، جسے جلد ڈی جی مانیٹرنگ سندھ کو کارروائی کے لیے ارسال کر دیا جائے گا۔تعلیمی اور سماجی حلقوں نے اس واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو مانیٹرنگ اسسٹنٹ ایک معذور ملازم سے بائیومیٹرک اپ ڈیٹ کرنے کی رشوت مانگ سکتا ہے، وہ پوری ڈویژن کے تعلیمی نظام کا کیا حشر کر رہا ہوگا! ڈی جی مانیٹرنگ سندھ سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ ملزم مانیٹرنگ اسسٹنٹ گلزار ملغانی کو فوری طور پر معطل کر کے اس کے خلاف سخت پیڈا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جائے تا کہ دیگر ملازمین کے ساتھ انصاف ہو سکے۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

سے عوامی شکایات بے تحاشہ موصول ہو رہی ہیں تمام کاروباری حضرات سے گزارش کی گئی ہے کہ پبلک وے کو کلیئر رکھا جائے تا کہ خریداری کے لیے آنے والے مرد، خواتین اور بچے آسانی سے نقل و حرکت کر سکیں اور دکانوں کے راستے بھی واضح ہوں، اس موقع پر بلدیہ شاپنگ سینٹر یونین کے صدر چودھری آصف اور دیگر تاجر رہنماؤں نے انتظامیہ سے تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ کل سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا جائے گا اور کرایوں کے واجبات بھی جلد جمع کرا دیے جائیں گے

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

خدمات کا اعتراف قرار دیا جا رہا ہے۔جاوید بابر ایڈووکیٹ اس وقت میرپورخاص کونسل آن فارن ریلیشن کے اعزازی سیکریٹری کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں اور شہر کی سماجی و فلاحی سرگرمیوں میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔دریں اثنا تقریبات کے سلسلے میں روٹری کلب اپنی تاریخ، خدمات اور کامیابیوں پر مبنی خصوصی کتاب بھی شائع کرے گا۔کتاب کی تیاری کے لیے عبدالرؤف آرائیں ایڈووکیٹ اور معروف سماجی شخصیت پریم کمار کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔شہر کی سماجی و علمی شخصیات نے جاوید بابر ایڈووکیٹ کو اس اعزاز پر مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں سے ان تقریبات کو یادگار بنائیں گے

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

شہری کو روکا اور لوٹ مار کی کوشش کی۔شہری کی جانب سے مزاحمت پر سنگدل ڈاکوؤں نے سیدھی فائرنگ کر کے شہری کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہونے لگے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی آباد تھانہ پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے فرار ہونے والے مسلح ملزمان کا تعاقب شروع کیا شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کے 4 ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔پولیس نے زخمی ڈاکو کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ہلاک ہونے والے ڈاکو کی شناخت ذوالفقار ولد معرفانی کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس کے جاری کردہ ریکی اعلامیے کے مطابق ہلاک ڈاکو ذوالفقار معرفانی ایک خطرناک اور متعدد تھانوں کو مطلوب مجرم تھا۔اس کے خلاف تھانہ آباد، تھانہ جہان واہ، تھانہ ہمایوں اور تھانہ صدر جیکب آباد میں اقدام قتل، ڈکیتی، مسلح رہزنی اور پولیس پر فائرنگ کے سنگین مقدمات درج تھے۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

ریسکیو وحفاظتی آلات اور دیگر ساز وسامان فراہم کیا جائے۔یاد رہے میرپورخاص گذشتہ دو جنگوں میں دشمن کے نشانہ پر رہا ہے۔اعلامیہ میں مزید کہا گیا ہے کہ سول ڈیفنس وارڈنز اور رضا کاروں کے لیے باقاعدہ عملی تربیتی پروگرام، مشقیں اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تربیت کا انتظام کیا جائے، تا کہ کسی بھی قدرتی آفت، ہنگامی یا جنگی صورتحال میں عوام کو بروقت حفاظتی اقدامات اور امدادی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔خلیل الل؟ خان نے ڈائریکٹر سول ڈیفنس سندھ ریاض حسین لغاری کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ سول ڈیفنس وارڈن سروس کو مزید منظم اور فعال بنانے کے لیے صوبائی سطح پر ایک خصوصی تقریب کے انعقاد کی تجویز بھی زیر غور ہے، جس میں سول ڈیفنس کے لیے خدمات انجام دینے والی شخصیات کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ سول ڈیفنس کا مؤثر نظام عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ہنگامی حالات میں فوری امداد و معاونت کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، لہٰذا اس کے ادارہ جاتی ڈھانچے، وسائل اور تربیتی نظام کو ترجیحی بنیادوں پر مضبوط بنایا جانا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

انہوں نے کہا: میں آج جو کچھ بھی ہوں اپنی ماں کی وجہ سے ہوں یہ خوبصورت لمحہ اپنے بچوں کی کامیابی میں والدین کی محبت، دعاؤں اور اہم کردار کی عکاسی ہے

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

باقاعدہ طور پر موجود ہے، ان کی تعلیمی قابلیت کی حال ہی میں پنجاب یونیورسٹی کی جانب سے باضابطہ تصدیق کر دی گئی۔متن میں کہا گیا ہے کہ یہ تصدیق پاکستان بار کونسل کے انتخابات میں ان کی امیدواری کے سلسلے میں، دیگر تمام امیدواروں کے ساتھ، مقررہ پالیسی کے تحت کی گئی، پاکستان بار کونسل کی جانب سے موصولہ مراسلے کی روشنی میں، پنجاب یونیورسٹی کے کنٹرولر امتحانات نے متعلقہ سرکاری ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد واضح طور پر ان کی تعلیمی اسناد کو تصدیق شدہ قرار دیا، اہم بات یہ ہے کہ یہ تصدیق 21 جنوری 2026 کو کی گئی، جس سے احسن بھون کی اسی ادارے، یعنی پنجاب یونیورسٹی، جہاں سے انہوں نے قانون کی ڈگری حاصل کی۔متن میں کہا گیا ہے کہ احسن بھون کے کلاس/بیچ کے ساتھیوں میں ایسے افراد شامل ہیں جو اس وقت جج ہیں یا سابق جج رہ چکے ہیں، جبکہ بعض سینئر وکلاء بھی ہیں، پنجاب یونیورسٹی احسن بھون کی ایل ایل بی ڈگری تصدیق شدہ قرار دے چکی ہے: کیپٹن (ر) صفدر 7 روز میں غیر مشروط معافی مانگیں اور الزامات واپس لیں، ? معافی نہ مانگنے کی صورت میں سول اور فوجداری قانونی چارہ جوئی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ طلبہ کو اردو، انگریزی، سندھی سمیت دیگر ضروری مضامین پر عبور حاصل ہونا چاہیے۔انسان کو حق و باطل میں فرق کرنا سکھاتا ہے، جبکہ علم سے دور معاشرہ ترقی کی بنیاد کھو دیتا ہے۔سندھ کی سرزمین صدیوں سے علم، تہذیب، تصوف اور دانش کی امین رہی ہے، موئن جو دڑو سے شاہ عبداللطیف بھٹائی اور سچل سرمست تک اس خطے کی علمی و فکری روایت نمایاں رہی ہے۔محمد افضال نے کہا کہ شفاف، منظم اور یکساں امتحانی نظام طلبہ کی محنت کو درست انداز میں جانچنے، میرٹ کے فروغ اور تعلیمی اسناد کی ساکھ برقرار رکھنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔اداروں کو نوجوانوں کو علم، تحقیق اور جدید صلاحیتوں سے آراستہ کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ تعلیم قومی ترقی، خوشحالی اور استحکام کی بنیاد ہے، جو قوم میں علم، تحقیق اور جدید تعلیم کو ترجیح دیتی ہیں وہ معاشی ترقی کے ساتھ عالمی سطح پر عزت و وقار بھی حاصل کرتی ہیں۔غربت اور پسماندگی کے خاتمے کا مؤثر ذریعہ تعلیم ہے، جبکہ علم انسان کو بہتر فیصلے کرنے میں مدد دیتا ہے قلم اور کتاب سے بہتر کوئی دوست نہیں۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

ندیم ملک سینئر وائس چیئرمین جبکہ ثناء اللہ چوہدری وائس چیئرمین منتخب ہو گئے۔پاما کے مطابق نئے عہدیداران کا انتخاب متعلقہ تجارتی تنظیموں کے قواعد کے تحت کیا گیا، جس میں ایسوسی ایشن کی رکن کمپنیوں کے نمائندوں نے حصہ لیا۔نو منتخب عہدیداران کاروں، ہلکی و بھاری کمرشل گاڑیوں، زرعی ٹریکٹرز اور دو و تین پہیوں والی گاڑیوں کے مینوفیکچررز کی نمائندگی کرتے ہیں۔ایسوسی ایشن کے مطابق نئی قیادت رکن کمپنیوں کے اجتماعی مفادات کی نمائندگی کرتے ہوئے ملکی آٹو موٹیو صنعت کی ترقی، مسابقتی صلاحیت اور پائیداری کے فروغ کیلئے کردار ادا کرے گی۔پاما کا کہنا ہے کہ نئی قیادت ایسے وقت میں ذمہ داریاں سنبھال رہی ہے جب آٹو موٹیو صنعت کو پیداوار، سرمایہ کاری، مقامی مینوفیکچرنگ، مسابقت اور مارکیٹ میں توسیع سمیت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے۔ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر جنرل رازی الرحمن نے نو منتخب عہدیداران کا اعلان کیا۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق شہری اپنے انگلیوں کے نشانات، چہرے کی تصویر اور آئرس اسکین سمیت بائیو میٹرک معلومات مفت اپ ڈیٹ کرا سکتے ہیں۔اتھارٹی کا کہنا ہے کہ بائیو میٹرک معلومات کی تجدید سے شناخت کی چوری کی روک تھام میں مدد ملے گی جبکہ بینکنگ، موبائل سم اور پروف آف لائف سرٹیفکیٹ سمیت مختلف خدمات کے لیے بائیو میٹرک تصدیق میں بھی آسانی ہوگی۔نادرا کے مطابق تمام پاکستانی شہری، خصوصاً 3 سے 18 سال عمر کے وہ بچے جن کی تصویر والا ب فارم نہیں بنا، اور تاحیات مدت والے شناختی کارڈ رکھنے والے افراد قریبی نادرا مرکز، نادرا کاؤنٹر والی یونین کونسل یا موبائل رجسٹریشن وین سے بائیو میٹرک ڈیٹا مفت اپ ڈیٹ کرا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق وہ گزشتہ 8 ماہ سے مکان میں رہائش پذیر تھیں اور گزر بسر کے لیے بریانی کا ٹھیلا لگاتی ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ رات گئے گھر کا سامان سڑک پر پھینک دیا گیا، جس کے بعد وہ رات 3 بجے سے سامان سمیت سڑک پر موجود ہیں۔خاتون نے الزام عائد کیا کہ ایس ایچ او اور لیڈی پولیس اہلکار نے مبینہ طور پر 70 ہزار روپے لیے اور اس کے بعد مکان خالی کرایا گیا۔تاہم انہوں نے یہ بھی بتایا کہ دو ماہ کا کرایہ ادا نہ کرنے پر انہیں مکان سے بے دخل کیا گیا۔متاثرہ خاتون نے کورنگی انڈسٹریل ایریا تھانے کے خلاف الزامات کی تحقیقات اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

خصوصاً بنیادی شہری سہولیات سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا۔عاطف بلیو اور منیر گدی نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے مثبت اور تعمیری کوششیں جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔فریقین نے مقامی مسائل کے حل کیلئے باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

میں ٹاپ 20 امیدواروں میں کراچی کا کوئی طالب علم جگہ نہیں بنا سکا اور ٹاپ 20 یا سب سے زیادہ مارکس لینے والے 20 طلبہ میں کراچی کا کوئی طالب علم شامل نہیں ہے جبکہ سندھ کے سب سے پسماندہ ضلع تھر پارکر کے طلبہ کی کارکردگی نے سب کو حیران کر دیا ہے سندھ کے سب سے پسماندہ ضلع تھر پارکر کے 5 طلبہ ٹاپ 20 امیدواروں میں شامل ہیں ٹاپ 20 امیدواروں میں حاصل کردہ مارکس 176 سے 179 تک ہیں، کل پرچہ 180 نمبر کا تھا ابتدائی 150 امیدواروں میں بھی ضلع تھر پارکر نمایاں رہا ہے اور 12 طلبہ اس کیٹیگری میں شامل ہیں ٹاپ 50 امیدواروں میں تھر پارکر کے طلبہ کا شیئر 24 فیصد ہے جبکہ ٹاپ 50 امیدواروں میں کراچی کے صرف 7 طلبہ شامل ہیں اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ کامیاب ہونے والے ٹاپ 100 طلبہ میں کراچی کے 18 طلبہ میں ٹاپ 200 طلبہ میں 37 طلبہ کراچی کے ہیں ٹاپ 500 میں کراچی کے 111 طلبہ شامل ہیں ٹاپ 1000 میں کراچی کے 210 امیدوار شامل ہیں کامیاب ہونے والے ٹاپ 10000 امیدواروں میں کراچی کے 3327 طلبہ شامل ہیں واضح رہے کہ ایم ڈی کیٹ میں سندھ میں 33336 شامل تھے جس میں سے 16507 امیدوار کامیاب ہوئے تناسب 49.5 فیصد ہے کراچی سے 9505 امیدوار شریک اور 5492 کامیاب ہوئے کراچی کی کامیابی کی شرح 57.8 فیصد ہے جن تین اضلاع کے امیدوار سب سے زیادہ بڑی تعداد میں کامیاب ہوئے ہیں ان میں کراچی ایسٹ کے 62 فیصد، کراچی سینٹرل کے 59.9 فیصد اور تیسرے پر تھر پارکر کے 59.7 فیصد امیدوار شامل ہیں ایم ڈی کیٹ میں ایم بی بی ایس کے لیے پاسنگ مارکس 180 میں سے 99 نمبر میں نتائج کے اعداد و شمار کے مطابق تھر پارکر سے 1027 شریک اور 613 کامیاب ہوئے لاڑکانہ میں 1410 میں سے 623 کامیاب ہوئے میرپور خاص میں 1262 میں سے 571 کامیاب ہوئے سکھر میں 984 میں سے 503 کامیاب ہوئے جامشورو میں 672 میں سے 265 کامیاب ہوئی حیدرآباد میں 1611 میں سے 652 کامیاب ہوئے خیرپور میں 2189 میں سے 970 پاس ہوئے دادو میں 1441 میں سے 669 پاس ہوئے شہید بینظیر آباد (نوابشاہ) میں 1485 میں سے 630 کامیاب ہوئے جبکہ ٹھٹھہ میں 398 میں سے 181 کامیاب ہوئے۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

متعلق تحریری سوالات جمع کرا دیے۔ذرائع کے مطابق اپیلانٹ کے وکیل کی جانب سے کمیشن کو سوالات کے 2 سیل شدہ سیٹ موصول ہوئے ہیں۔کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی عامر فاروقی اور ڈی آئی جی فرخ لنجار سے تحریری جوابات طلب کرنے کا فیصلہ کیا تھا اور میر رضا کے اپیلانٹ کو اپنے سوالات جمع کرانے کی ہدایت کی تھی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیشن کی مزید کارروائی سندھ کابینہ کی جانب سے مدت میں توسیع سے مشروط ہے۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

نے موقف اختیار کیا کہ جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی نے افغان طلبہ کو کلاسز لینے سے روک دیا ہے، ان کی بائیو میٹرک رسائی ختم کر دی گئی جبکہ ہاسٹل سے بھی بے دخل کیا جا رہا ہے، حالانکہ عدالت پہلے ہی افغان طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک چکی ہے۔پی ایم ڈی سی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ انہیں درخواستوں کی نقول فراہم نہیں کی گئیں۔عدالت نے پی ایم ڈی سی کے وکیل کو درخواستوں کی نقول فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔عدالت نے افغان طلبہ کو کلاسز لینے سے روکنے کا حکم معطل کرتے ہوئے بائیو میٹرک رسائی بحال کرنے اور آئندہ سماعت تک ان کی تعلیم میں رکاوٹ نہ ڈالنے کا حکم دے دیا۔عدالت نے پی ایم ڈی سی کا جواب جمع ہونے تک درخواستوں کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

نے 6 ماہ بعد تفتیش مکمل کر کے مزید 3 مقدمات کے عبوری چالان عدالت میں جمع کرا دیے۔عدالت نے عبوری چالان منظور کرتے ہوئے تینوں مقدمات ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت منتقل کر دیے۔عبوری چالان میں ملزمہ انمول عرف پنکی اور اس کے 3 ساتھیوں عمر، فہد حسین اور اویس بیگ کو گرفتار ظاہر کیا گیا ہے۔چالان کے مطابق ملزمہ انمول عرف پنکی شہر میں منشیات کا بڑا نیٹ ورک چلا رہی تھی جبکہ گرفتار دیگر ملزمان اس کے سہولت کار تھے۔

بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾

سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ تقریب میں مدعو کیا جانا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ برسوں میں معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے بہت محنت کی، آج میکرو اکنامک اشاریے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں۔وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ 3 ارب ڈالرز کے یورو بانڈز کا اجرا معیشت کی مضبوطی کی واضح مثال ہے، دوبارہ اجرا معیشت کو صحیح سمت پر گامزن کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔قبل ازیں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے برطانیہ کے دورے کے دوران آج لندن میں دنیا کے معروف مالیاتی اداروں بارکلیز، جے پی مورگن، سٹی، بلیک راک اور روتھ شیلڈ اینڈ کو کے اعلیٰ حکام سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ملاقاتوں میں پاکستان کی معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، معاشی استحکام، سرمایہ کاری کے سازگار ماحول اور عالمی مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔بارکلیز کے ہیڈ آف پرائیویٹ بینک اینڈ ویلتھ مینجمنٹ یو کے محمد کمال سید سے ملاقات میں وزیر اعظم نے پاکستان میں بینک کی دلچسپی کا خیر مقدم کیا۔وزیر اعظم نے انہیں حکومت کی جانب سے معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا اور بارکلیز کو پاکستان کے مالیاتی شعبے اور کاروباری مواقعوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔جے پی مورگن کے شریک چیف ایگزیکٹو میتھیو ولٹز (WiltzMathieu) کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات میں سرمایہ مارکیٹس، تجارتی فنانسنگ اور انویسٹمنٹ بینکنگ کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے پر گفتگو ہوئی۔وزیر اعظم نے جے پی مورگن کو پاکستان میں اپنی سرگرمیوں اور موجودگی کو مزید وسعت دینے کی دعوت دی۔وفد نے پاکستان کے خود مختار قرضہ جات کی کیپٹل مارکیٹس اور کارپوریٹ بینکنگ کے شعبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔سٹی کے چیف کلائنٹ آفیسر ڈیوڈ لیونگ اسٹون (David Livnigstone) کی قیادت میں اعلیٰ حکام سے ملاقات میں وزیر اعظم نے پاکستان میں بینک کی طویل عرصے سے موجودگی کو سراہا اور کارپوریٹ و ادارہ جاتی بینکنگ کی خدمات کو مزید وسعت دینے کی حوصلہ افزائی کی۔بلیک راک کے ایمرجنگ مارکیٹس اینڈ فرنٹیئرز کے شریک سربراہان گورڈن فریزر (FraserGordon) اور سیم ویچ (VetchSam) جبکہ پورٹ فولیو مینیجر و ریسرچ اینالسٹ ایملی فلیچر (FletcherEmily) پر مشتمل وفد سے ملاقات میں وزیر اعظم نے فرنٹیئر مارکیٹس حکمت عملی کے تحت پاکستانی ایکوئٹیز اور فکسڈ انکم میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی۔دونوں جانب سے سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے پالیسیوں میں تسلسل کی اہمیت پر زور دیا گیا۔روتھ شیلڈ اینڈ کو کے چیئرمین، جیو اسٹریٹیجک ایڈوائزری لارڈ مارک سیڈول (SedwilMarkLord) اور ہیڈ آف یو کے انویسٹمنٹ بینکنگ مجید اسحاق سے ملاقات میں پاکستان کی جیو اکنامک ترجیحات اور کیپٹل مارکیٹس وسرمایہ کاری کی حکمت عملی کے حوالے سے ممکنہ مشاورتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا تمام ملاقاتوں کے دوران عالمی مالیاتی اداروں کے اعلیٰ حکام نے پاکستان کے معاشی اصلاحاتی عمل میں پیش رفت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ملک کے مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون اور روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ملاقاتوں سے پاکستان کے معاشی اصلاحاتی پروگرام کے حوالے سے عالمی مالیاتی اداروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی اور اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے۔یہ ملاقاتیں حکومت کی جانب سے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مزید مستحکم کرنے اور ملک میں پائیدار سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے جاری وسیع تر کوششوں میں اہم پیش رفت ہیں۔ملاقاتوں میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزیر اعظم کے مشیر برائے نجکاری و چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 23 ﴿قوم کی آواز﴾

مظاہرہ کیا۔مظاہرین کا کہنا تھا کہ سمسٹر فور کے امتحان میں 1900 طلبہ شریک ہوئے، جن میں سے ایک مضمون میں 1400 طلبہ کو فیل قرار دے دیا گیا، جس پر طلبہ میں تشویش پائی جاتی ہے۔طلبہ نے مطالبہ کیا کہ ری ٹیک امتحانات کی موجودہ تاریخ منسوخ کر کے تیاری کیلئے مزید وقت دیا جائے اور امتحانی فیس کے واؤچر جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کی جائے۔مظاہرین نے ری ٹیک امتحانات کی فیس میں کمی کا بھی مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ فیس طلبہ پر اضافی مالی بوجھ ڈال رہی ہے۔طلبہ کے مطابق تقریباً 50 نرسنگ کالجز کے طلبہ ری ٹیک امتحانات کے معاملے پر احتجاج کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 24 ﴿قوم کی آواز﴾

کر دی۔محکمہ موسمیات کے ارلی وارننگ سینٹر کے مطابق ملک میں داخل ہونے والے مغربی سلسلے کے زیر اثر کراچی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 سے 35 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں سمندری ہواؤں کے علاوہ مغربی سمت سے ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔صوبہ سندھ کے دیگر اضلاع میں بھی موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 25 ﴿قوم کی آواز﴾

ایک زخمی سمیت 2 مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا۔چھیپا حکام کے مطابق لیاقت آباد پولیس نے قاسم آباد بس اسٹاپ کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران دونوں ملزمان کو گرفتار کیا۔زخمی حالت میں گرفتار ملزم وقاص کو عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ دوسرے ملزم احمد کو تھانے منتقل کر دیا گیا۔حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 26 ﴿قوم کی آواز﴾

آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ آسان ٹیکس اسکیم کے تحت تاجروں کو سالانہ صرف 25 ہزار روپے فکسڈ ٹیکس ادا کرنا ہوگا، جس سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کے لیے ٹیکس نظام کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا نسبتاً آسان ہوگا۔عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ اسکیم کے تحت ٹیکس ادا کرنے والے دکانداروں اور تاجروں کے کاروباری مراکز کے باہر ٹیکس دہندہ کی پلیٹ لگائی جائے گی، جس سے ان کی ٹیکس حیثیت واضح ہوگی۔ان کے مطابق اس اقدام سے تاجروں کو اپنے کاروبار کے حوالے سے ایک واضح شناخت حاصل ہوگی اور ٹیکس نظام میں رجسٹریشن کے بعد انہیں غیر ضروری طور پر پریشان کیے جانے کے امکانات کم ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری ملک کی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے، تاہم ٹیکس نظام ایسا ہونا چاہیے جو آسان، شفاف اور قابل عمل ہو۔انہوں نے کہا کہ تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اعتماد سازی ضروری ہے اور حکومت و کاروباری برادری کے درمیان باہمی تعاون سے معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے 25 ہزار روپے کے فکسڈ ٹیکس کو تاجروں کے حق میں قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اسکیم کاروباری طبقے کے لیے ایک واضح اور نسبتاً آسان ٹیکس طریقہ کار فراہم کر سکتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ 25 ہزار روپے کے فکسڈ ٹیکس کے علاوہ صرف ٹرن اوور کا ایک فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا، جس سے تاجروں کو اپنی ٹیکس ذمہ داری کا اندازہ لگانے میں سہولت ملے گی۔ثاقب فیاض مگوں نے کہا کہ تاجروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ٹیکس نظام کو بوجھ کے بجائے ملکی معیشت میں اپنا حصہ ڈالنے کے ایک ذریعے کے طور پر دیکھیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت بھی کاروباری طبقے کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے اسکیم پر عمل درآمد کے دوران تاجروں کو مناسب سہولیات فراہم کرے گی۔ایف پی سی سی آئی کے چیئرمین پالیسی ایڈوائزری بورڈ میاں زاہد حسین نے کہا کہ معاشی ترقی میں تاجر اپنا حصہ ڈالنے کے لیے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقہ ملک میں روزگار، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے، اس لیے ٹیکس نظام میں ایسی اصلاحات ضروری ہیں جو تاجروں کے لیے سہولت کا باعث بنیں اور ریاست کے محصولات میں بھی اضافہ کریں۔ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر امان پراچہ نے آسان ٹیکس اسکیم کو پہلے دی جانے والی تمام اسکیموں سے بہتر قرار دیتے ہوئے کہا کہ نئی اسکیم کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ اسے پر واضح طریقہ کار کے تحت عمل درآمد کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر تاجروں کو آسان اور شفاف نظام فراہم کیا جائے تو زیادہ سے زیادہ کاروباری افراد ٹیکس نظام کا حصہ بن سکتے ہیں۔ایف پی سی سی آئی کے کنوینر عبدالرحمان خان نے تاجروں کو مزید سہولیات فراہم کرنے کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ اگر تاجر بھائی کسی اضافی سہولت یا بہتری کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تو وہ بلا جھجک اپنی تجاویز پیش کر سکتے ہیں۔ان کے مطابق کاروباری برادری کی تجاویز کو سامنے رکھ کر اسکیم کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔اس موقع پر چیف کمشنر ایف بی آر، ریجنل ٹیکس آفس (آر ٹی او) کراچی، قاضی حفیظ الرحمٰن نے کہا کہ آسان ٹیکس اسکیم کو حکومت پاکستان کی ضمانت حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ اسکیم کا مقصد تاجروں کو ٹیکس نظام میں شامل کرنا اور ٹیکس ادائیگی کے عمل کو آسان بنانا ہے۔مقررین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک کی معاشی ترقی کے لیے حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان اعتماد اور تعاون کا فروغ ضروری ہے۔تاجروں نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ملکی معیشت کو مضبوط بنانے اور قومی خزانے میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے ٹیکس نظام کے ساتھ تعاون کریں گے، بشرطیکہ انہیں آسان، شفاف اور قابل عمل طریقہ کار فراہم کیا جائے۔اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ آسان ٹیکس اسکیم کے حوالے سے تاجروں میں آگاہی پیدا کی جائے تا کہ کاروباری افراد اسکیم کے خدوخال، ٹیکس کی شرح اور اپنی ذمہ داریوں سے مکمل طور پر آگاہ ہو سکیں۔ایف پی سی سی آئی نے امید ظاہر کی کہ حکومت کاروباری طبقے کے تحفظات کو دور کرتے ہوئے اسکیم کو مؤثر انداز میں نافذ کرے گی۔

بقیہ نمبر 27 ﴿قوم کی آواز﴾

بیگ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر راشد قریشی اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔گورنر سندھ نہال ہاشمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان مستقبل کی تیاری کریں، وقت بدل رہا ہے اور مواقع بھی پیدا ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا نے معلومات تک رسائی کو آسان بنایا ہے تاہم اس کے مثبت اور منفی اثرات بھی ہیں، ہم نوجوانوں کو جاگتی آنکھوں سے خواب دیکھنے چاہئیں۔انہوں نے گرین لائن منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کے لیے برسوں پہلے 7 ارب روپے کے فنڈز فراہم کیے جا چکے ہیں، منصوبے پر کام آگے بڑھانے والے متعلقہ حکام سے اس بارے میں بات کی جائے۔نہال ہاشمی نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں نوجوانوں کے لیے مختلف مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں اور وزیر اعظم یوتھ پروگرام بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔انہوں نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے کہا کہ خطے میں جنگ کے باعث پیٹرول مہنگا ہوا، حکومت کا اس میں براہ راست عمل دخل نہیں، تاہم قیمتیں کم کرنے میں حکومت کردار ادا کرے گی۔گورنر سندھ نے کہا کہ انہوں نے ٹرین میں سفر شروع کر دیا ہے اور گورنر ہاؤس کا بجٹ بھی کم ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 28 ﴿قوم کی آواز﴾

پر زور دیا۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل بحریہ یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز کیمپس کراچی وائس ایڈمرل (ر) اطہر مختار ہلال امتیاز (ملٹری) نے کہا کہ موجودہ دور میں ذہنی صحت کے بڑھتے ہوئے مسائل سے نمٹنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے بھرپور استفادہ ضروری ہے۔جدید ٹیکنالوجی کو صرف بڑے اسپتالوں اور بڑے طبی مراکز تک محدود رکھنے کے بجائے معاشرے کی عمومی سطح تک پہنچایا جائے تا کہ دور دراز اور کم سہولیات والے علاقوں میں بھی ذہنی صحت کی معیاری خدمات فراہم کی جا سکیں۔مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر سید عرفان حیدر، وائس چانسلر سلیم حبیب یونیورسٹی نے کانفرنس کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ٹیلی مینٹل ہیلتھ جیسی جدید ٹیکنالوجی ذہنی صحت کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے، تاہم ان ٹیکنالوجیز کا استعمال اخلاقی اصولوں اور انسانی ہمدردی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہونا چاہیے۔پروفیسر ڈاکٹر اقبال آفریدی نے اپنے خطاب میں صحت کے شعبے سے وابستہ طلبہ اور اساتذہ کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے تحفظ کو فوری اور اہم ترجیح قرار دیتے ہوئے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔کانفرنس میں تحقیقی مقالہ جات، ماہرین کے لیکچرز، قبل از کانفرنس ورکشاپس، پوسٹر مقابلے اور پینل مباحثے بھی ہوئے۔قومی و بین الاقوامی مقررین پروفیسر ڈاکٹر رضا الرحمٰن، پروفیسر ڈاکٹر یاسر عباسی (متحدہ عرب امارات)، ڈاکٹر نعیم الاسود (امریکا)، پروفیسر واش دیو امر اور ڈاکٹر انیل بھاگوانی (امریکا) نے تحقیقی مقالے پیش کیے۔بحریہ یونیورسٹی کے ریکٹر وائس ایڈمرل عابد حمید ہلال امتیاز (ملٹری) نے کانفرنس میں شرکت اور خدمات پر مقررین، مہمانان، محققین، فیکلٹی ارکان اور شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ذہنی صحت کے شعبے میں بامعنی پیش رفت کیلئے جدت، اخلاقی اصولوں اور معاشرتی شمولیت کے درمیان متوازن ہم آہنگی ضروری ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ کانفرنس میں ہونے والے علمی تبادلے، حاصل ہونے والی بصیرت اور قائم ہونے والے روابط پاکستان میں ذہنی صحت سے متعلق آگاہی، تعلیم اور خدمات کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کریں گے۔کانفرنس کے اختتام پر ریکٹر بحریہ یونیورسٹی وائس ایڈمرل عابد حمید نے مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر سید عرفان حیدر کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔

بقیہ نمبر 29 ﴿قوم کی آواز﴾

جانا ہوگا۔جامعہ کراچی میں اے پی ایم ایس او کے تحت منعقدہ جشن اردو کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی خورشیدی نے کہا کہ جشن اردو سالانہ ایونٹ ہے، جس میں مشاعرہ، بیت بازی، مکالمہ اور دیگر پروگرام ہوتے ہیں۔اردو قومی زبان ہے اور یہ اے پی ایم ایس او کا قومی ایونٹ ہے۔انہوں نے بتایا کہ آج بیت بازی کا موضوع بھی انتظامی یونٹ ہے۔بین الاقوامی جرائد بتا رہے ہیں کہ کراچی اب دنیا کا تیسرا بدترین شہر ہے، ہم اسے اس انداز سے خراب ہوتا نہیں دیکھ سکتے۔آج ہمارا موقف پورے ملک کا موقف ہے، لہٰذا گورننس ماڈل تبدیل ہونا ہوگا۔علی خورشیدی نے کہا کہ اس جمہوری ملک میں جمہور ہی بااختیار نہیں ہو رہا۔ہم نوجوانوں کے لیے کیا کر رہے ہیں؟ ہمارا اشرافیہ سے تعلق نہیں، ہم عوام میں رہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے نہ بننے دینا دو جماعتوں کا نہیں بلکہ دو خاندانوں کا مسئلہ ہے۔ایک جانب دو خاندان اور دوسری جانب سارے عوام ہیں۔ایم ڈی کیٹ کے نتائج پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی میں صرف انفراسٹرکچر نہیں بلکہ تعلیم بھی خراب کی گئی ہے۔میٹرک اور انٹر بورڈ میں بے قاعدگیوں پر رپورٹ آئی لیکن کوئی ایکشن نہیں ہوا۔گورننس ماڈل تبدیل ہوگا تو ہر شعبے میں تبدیلی آئے گی۔انہوں نے کہا کہ اورنج لائن پر بول بول کر زبان پتھرا گئی ہے، 22 لاکھ طلبہ یونیورسٹی روڈ کی صورتحال سے پریشان ہیں۔یونیورسٹی روڈ پر طلبہ کو تنگ اور اذیت دینا سندھ حکومت کا کارنامہ ہے۔حکومت دوغلی ہے، 2024 سے سن رہے ہیں کہ یونیورسٹی روڈ کھلنے والی ہے۔یہاں سریا بھی لگایا جاتا ہے تو افتتاح کرنے آ جاتے ہیں۔قائد حزب اختلاف نے کہا کہ اسکول اسپیسفک بجٹ میں 22 ارب روپے رکھے گئے ہیں، اب اسے اسکولوں پر لگنا بھی چاہیے۔سندھ میں لنگڑا نظام اور پنجاب میں ون وومن شو ہے۔جامعہ کراچی میں ایڈہاک ازم سے متعلق سوال پر علی خورشیدی نے کہا کہ پورا نظام ایڈہاک اسٹاپ گیپ ارینجمنٹ پر چل رہا ہے، اس لیے گورننس ماڈل تبدیل کرنا ہوگا۔پیٹرول کی قیمت سے متعلق انہوں نے کہا کہ پیٹرول پرائس مسئلہ ضرور ہے لیکن میرے کہنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا، اللہ کرے بین الاقوامی معاملات میں بہتری آئے۔

بقیہ نمبر 30 ﴿قوم کی آواز﴾

معاہدے پر روانڈا کے وزیر برائے تجارت و صنعت النون کا جنگوے اور روانڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر نعیم خان نے دستخط کیے، جس سے دونوں برادر ممالک کے مابین تجارتی رکاوٹیں دور کرنے، ہموار اور راست برنس ٹو برنس روابط کو فروغ دینے اور مشترکہ منصوبوں کے لئے دور کا آغاز ہوگا۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ پاکستان اور افریقی ممالک کے ان مالی تعاون بڑھانے کی اسی گنجائش موجود ہے ای ترک اور مستحکم معیشت کے حامل ملک سے شراکت داری پاکستان کی ای افریقہ پالیسی کو عملی شکل دینے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔میاں زاہد حسین نے اعداد و شمار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مالی سال 25-2024 میں پاکستان نے روانڈا سے تقریباً 3394 ملین ڈالر کی اشیاء درآمد کیں، جبکہ روانڈا کو پاکستانی برآمدات صرف تقریباً 0.58 ملین ڈالر رہیں، جس کے نتیجے میں پاکستان کو اگر 1336 میں درآمد کے تجارتی خسارے کا سامنا رہا۔انہوں نے وضاحت کی کہ پاکستان کی چائے کی درامارت کا ایک انصاب تک کیا ہے تیرے فریق کے ارتیے پاکستان پہنچا رہا ہے۔جس کی وجہ سے لاگت میں اضافہ ہوتا تھا۔اب نئے جارتی فریم ورک کے تحت کمانے کے جانے کی کان سے کراچی براہ راست چائے اور کافی کی تجارت ممکن ہو سکے گی جس سے نہ صرف تاجروں کے کروڑوں روپے بچیں گے بلکہ صارفین کو بھی مناسب قیمت پر اشیاء دستیاب ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ روانہ میں پاکستانی مصنوعات بالخصوص فارماسیوٹیکلز، ٹیکسٹائل و ملبوسات، باستی چاول، سرجیکل و میڈیکل آلات، کھیلوں کے سامان اور واری الیزی کی زبردست طالب موجود ہے ہوا کرے کے پاکستان اپنی برآمدات میں قلیل مدت میں 100 ملین ڈالر سے زائد کا فوری اضافہ کر سکتا ہے۔میاں زاہد حسین نے خطے کے دیگر ممالک کا قابل پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت عالمی طاقتیں اور علاقائی حریف تیزی سے افریقی مارکیٹ پر اپنی گرفت مضبوط کر رہے ہیں؟ بھارت کی افریقہ کرنے کا 100 ارب کارت تجاوز کر چکی ہے، جس کا افریقی براعظم کے ساتھ جارتی حجم 200 ارب ڈالر سے زائد ہے ایک لڑ کے نے بھی افریقہ کے ساتھ اپنی تجارت 40 ارب ڈالر تک کا بانی ہے۔اس کے پیکس پاکستان کی پورے براعظم افریقہ کے ساتھ تمہارت کا مجموعی حجم اب بھی صرف 4 سے 5 ارب ڈالر کے درمیان محمد ہے، جو کہ افسوس ناک ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر یہ 14 ملین آبادی کا حامل ملک ہے مگر بانسیت ارکان کیانی (EAO) کی 300 میں اور افریقین کا ثمن اصل فری ٹریڈ ایریا (ARCFTA) کی 14 ارب آبادی اور 3.4 مریلین ڈالر معیشت کا سب سے اہم تجارتی گیٹ وے اور تقسیم کاری کا مرکز ہے۔میاں زاد حسین نے کہا کہ انگر ہونے کے مطابق پاکستانی صنعت کار روانڈا میں سنگل پرائیویٹ یا جوائنٹ وینچرز کے تحت ویلیو ایڈیشن اری پائیں اول ایک کام کر سکتے ہیں چونکہ روانڈا کو لیٹ ڈیولیڈ کنٹری (LIDO) کا درجہ | حاصل ہے، جس کی وجہ سے وہاں تیار ہونے والی | مصنوعات کو دنیا کی کئی بڑی منڈیوں میں ڈیوٹی فری رسائی اور کسٹم میرف میں خصوصی رعایت حاصل ہوتی ہے اس طرح پاکستانی صنعت کار رعایتی کنم میرف کے ساتھ پورے مشرقی افریقہ وسطی افریق ردیگر ممالک تک اپنی معلوم ہے با آسانی کیا کہیں گے اور اس اہم سیانے سے فائدہ اٹھا کر پاکستانی سرمایہ کار اپنی برآمدات کوئی گنا بڑھا سکتے گی میاں نام مین نے تکلواریں اور امی نے ایک کہ فریقی ممالک کے ساتھ تیاتی تم اجانے کے لیے جانگ گان کار گورانکس کے مسائل اور اور انگلیوں کے ترسیلی نظام کو ترنگی نیادوں پر حل کیا جائے، کیونکہ الڈا کے لینڈ اکٹر ہونے کے باعث درآوات دیر آوات کے لیے میٹر پورٹ روابط کا قیام ضروری ہے۔میاں زاہد حسین نے راولپنڈی، لاہور اور کراچی کے چیمبرز اور برآمدی تنظیموں کو مشورہ دیا کہ وہ 8 اکتوبر 2026ء پاکستان کا دورہ کرنے والے والا کے تجارتی وفد کے ساتھ تھوں معاہدے کریں اور دونوں ممالک کے سرمایہ کاری بورڈ کی مشترکہ سہولت کاری کے کا یہ فائدہ اٹھاتیک تاک کاری معیت سے کو پائیدار بنیادوں پر استوار کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 31 ﴿قوم کی آواز﴾

کے اندر نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے سے کمسن بچی شدید زخمی ہو گئی۔چھیپا حکام کے مطابق واحد شہید چوک کے قریب واقعے میں 8 سالہ صاحبہ دختر حمزہ کو گولی سینے پر لگی، جسے تشویشناک حالت میں عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔پولیس کے مطابق گولی کس سمت سے آئی اور فائرنگ کس نے کی، اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 32 ﴿قوم کی آواز﴾

مقامات پر برقی زینوں کی ریلنگ اور دیگر سامان ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ناظم آباد نمبر ایک اسٹیشن پر تعینات محافظ کے مطابق سڑک کی جانب اترنے والے برقی زینے کا سامان چوری ہو جاتا ہے، جبکہ ان کی ڈیوٹی اوپر واقع اسٹیشن تک محدود ہے۔گرین لائن کا آپریشن سندھ حکومت کے پاس ہے اور اس وقت عبداللہ موڑ، سرجانی ٹاؤن سے نمائش تک سروس چل رہی ہے۔شہریوں نے متعلقہ حکام سے برقی زینوں، لفٹس اور دیگر سہولتوں کی مرمت اور بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 33 ﴿قوم کی آواز﴾

بحران کے خاتمے اور ان کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی کی زیر صدارت ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان (ای ایف پی) کی عہدیداران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایمپلائرز فیڈریشن اور دیگر صنعتی ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے انہیں درپیش مسائل اور موجودہ معاشی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ کراچی میں صنعتوں کو مستحکم کرنے کے حوالے سے تمام وہ اقدامات کو بروئے کار لایا جائے، جس سے عالمی سطح پر ایکسپورٹ میں اضافہ ممکن ہو سکے۔انہوں نے مزدوروں کی کم سے کم اجرت، سیسی کی کنٹر بیوشن، صنعتوں کے اسپیکشن سمیت دیگر میں ان کو درپیش مسائل سے بھی صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر سعید غنی نے کہ جب جب انہیں پارٹی کی قیادت نے محکمہ محنت کی ذمہ داری سونپی ہے، میری حتی الامکان کوشش رہی ہے کہ مزدوروں، آجر اور سرکاری افسران کے باہمی رابطوں کو نہ صرف مضبوط اور مستحکم کیا جائے بلکہ اس حوالے سے سب سے پہلے صوبہ سندھ نے سہ فریقین کمیٹیوں کی تشکیل دی اور تمام اختیارات ان کمیٹیوں کے سپرد کر دیے ہیں۔سعید غنی نے کہا کہ پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور اعلیٰ قیادت کا موقف اس حوالے سے واضح ہے کہ اگر اس ملک کو ترقی کی جانب گامزن کرنا ہے تو ہمیں صنعتکاروں کی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال سے صوبے میں لیبر کوڈ کے نفاذ سے قبل تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جا رہی ہے اور اس کا صرف یہی مقصد ہے کہ صنعتوں اور وہاں کام کرنے والے مزدوروں دونوں کو باہمی ہم آہنگی کے رشتہ سے منسلک کیا جائے۔اور ہماری صنعتوں کا پہیہ تیزی سے چلے اور اس کے چلانے والے مزدوروں کا معیار زندگی بھی بہتر ہو۔سعید غنی نے کہا کہ ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان اور تمام صنعتی زون کے عہدیداران کی جانب سے جن جن مشکلات اور دیگر مسائل کا ذکر ہوا ہے اس کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر دیا جائے گا اور اس سلسلے میں سیکرٹری محنت، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ، کمشنر سیسی اور ڈی جی لیبر کو ہدایات دے دی ہیں اور وہ تمام اسٹیک ہولڈرز اور صنعتکاروں سے مل کر اس کا فوری ازالہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 34 ﴿قوم کی آواز﴾

نیچے سے منشیات کے عادی افراد سریا نکال کر انہیں کمزور کر رہے ہیں جو کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔سرکاری عمارتوں کی مؤثر دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث نشے کے عادی افراد لوہے کی جالیوں اور قیمتی راڈز کی چوری کر کے نشہ پورا کر رہے ہیں۔رفیع احمد نے کہا کہ منشیات کے عادی افراد اپنی جان کی پروا کیے بغیر بجلی کی حساس تاریں، گاڑیوں کی بیٹریاں اور موٹر سائیکلیں بھی چوری کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رواں سال کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے تقریباً 60 معصوم شہری جاں بحق جبکہ سیکڑوں زخمی ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نشے کی حالت میں جرائم پیشہ افراد دکانوں اور گھروں میں داخل ہو کر ڈکیتیاں کر رہے ہیں، حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے منشیات کا مکمل خاتمہ کرے تا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 35 ﴿قوم کی آواز﴾

سے رابطہ کر کے ان کے چھوٹے بھائی گلفام تاج کی خیریت دریافت کی اور جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ڈاکٹر عشرت العباد خان نے گلفام تاج کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں مکمل صحت وتندرستی عطا فرمائے۔گلفام تاج کی عیادت اور خیریت دریافت کرنے والوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔مختلف سیاسی، سماجی، قانونی، صحافتی اور سرکاری شخصیات نے رانا گلزار تاج سے رابطہ کر کے گلفام تاج کی صحت کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔خیریت دریافت کرنے والوں میں ایم کیو ایم کے آذر، یونس، نصیر، اعجاز الحق، ڈاکٹر فواد، محمد شاہد، مسلم لیگ (ن) کے فیروز خان، عوام پاکستان پارٹی کراچی کے صدر شیخ صلاح الدین، مفتاح اسماعیل، مہاجر اتحاد نیشنل موومنٹ کے چیئرمین ڈاکٹر انور، سندھ قومی الائنس کے جنرل سیکریٹری عبدالحکیم لغاری، ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو، میری پہچان پاکستان کے نہال احمد صدیقی، عوام دوست پارٹی کے چیئرمین شاہد آرائیں، ساگا کے خدا بخش، دادو بار کے صدر حکیم لغاری، ایم کیو ایم ٹنڈو اللہ یار کے رہنماؤں، ایم کیو ایم حیدرآباد کے مسعود قریشی اور مقصود قریشی، رکن قومی اسمبلی سید امین الحق، چیئرمین لالا رحیم، پیپلز پارٹی ضلع شرقی کے صدر اقبال ساندھ سمیت متعدد شخصیات شامل ہیں۔مختلف سماجی و انسانی حقوق کے کارکنوں، کے ایم سی، کے ڈی اے، ایس بی سی اے، ایم ڈی اے اور دیگر سرکاری اداروں کے افسران و ملازمین نے بھی گلفام تاج کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔صحافی تنظیموں، اخبارات اور میڈیا اداروں کے نمائندوں نے بھی رانا گلزار تاج سے رابطہ کر کے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔رانا گلزار تاج نے گلفام تاج کی خیریت دریافت کرنے اور صحت یابی کیلئے دعا کرنے والی تمام سیاسی، سماجی، قانونی، صحافتی، سرکاری اور فلاحی شخصیات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مشکل وقت میں دوستوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی دعائیں اور نیک تمنائیں خاندان کیلئے حوصلے کا باعث ہیں۔

بقیہ نمبر 36 ﴿قوم کی آواز﴾

واقعے میں ڈوبنے والے تیسرے ماہی گیر کی لاش بھی مل گئی۔ایدھی ترجمان کے مطابق تینوں ماہی گیروں کی لاشیں جائنا پورٹ کے قریب سمندر سے نکالی گئیں، جاں بحق افراد کی شناخت عبدالسلام، مٹا اور سعید کے نام سے ہوئی ہے۔ایدھی حکام کے مطابق 5 ماہی گیروں پر مشتمل کشتی گزشتہ روز شکار کے لیے جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہوئی تھی، حادثے کے بعد 2 ماہی گیروں کو بحفاظت بچا لیا گیا تھا جبکہ 3 افراد لاپتا ہو گئے تھے۔ریسکیو حکام نے لاپتا ماہی گیروں کی تلاش میں رات گئے آپریشن روک دیا تھا، تاہم رضا کاروں اور غوطہ خوروں کی مدد سے آج صبح دوبارہ سرچ آپریشن شروع کیا گیا، جس کے دوران تیسرے ماہی گیر کی لاش بھی مل گئی۔

بقیہ نمبر 37 ﴿قوم کی آواز﴾

لاش جبکہ زخمی 22 سالہ بھائی ہمری اور 16 سالہ بہن انجلی کو سول اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ایس ایچ او بغدادی اسلم بھٹی کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ٹریلر ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔کنٹینر سے لدے ٹریلر کو قبضے میں لے کر تھانے منتقل کر دیا گیا ہے۔پولیس کے مطابق حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 38 ﴿قوم کی آواز﴾

8 اور ملحقہ علاقوں کے پانی وسیوریج سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کیلئے کھلی کچہری 2 اکتوبر کو منعقد ہوگی۔کھلی کچہری کی صدارت ریجنل ڈائریکٹر جنوبی کراچی سید مقصود حیدر کریں گے، جبکہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے متعلقہ اعلیٰ افسران بھی شرکت کریں گے۔کھلی کچہری میں علاقہ مکین پانی کی قلت، کم پریشر، آلودہ پانی، اضافی بلنگ، خراب پائپ لائنوں اور سیوریج کے مسائل براہ راست متعلقہ افسران کے سامنے پیش کر سکیں گے۔کھلی کچہری جمعہ 2 اکتوبر کو شام 4 بجے کچھی میمن جماعت خانہ، گاڑی کھاتہ میں ہوگی۔علاقہ مکینوں سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے مسائل سے متعلق تحریری درخواستیں پیش کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔انتظامیہ کے مطابق درخواست کے ساتھ قومی شناختی کارڈ کی کاپی یا تفصیل، مسئلے کی مکمل وضاحت، نام، مکمل رہائشی پتہ اور رابطہ نمبر درج کرنا ضروری ہوگا تا کہ شکایات متعلقہ افسران تک پہنچا کر ان کے حل کیلئے کارروائی کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 39 ﴿قوم کی آواز﴾

کھیل کے اندر کی کہانیوں اور ان کے کرکٹ کیریئر کے تلخ و شیریں تجربات پر مبنی خود نوشت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ کتاب بھی نسل کے فاسٹ بولرز کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔سرفراز نواز کو ریورس سوئنگ کے فن کو متعارف کرانے والے اہم ترین فاسٹ بولرز میں شمار کیا جاتا ہے۔ان کی نئی کتاب میں ان کے کرکٹ کیریئر، یادگار واقعات اور کھیل سے وابستہ تجربات کو قلمبند کیا گیا ہے۔تقریب کے بعد اندان کے ایک معروف پاکستانی ریسٹورنٹ میں پاکستانی کمیونٹی اور میڈیا نمائندوں کے ساتھ خصوصی نشست بھی ہوئی جہاں سرفراز نواز نے صحافیوں سے گفتگو کی اور اپنے کرکٹنگ کیریئر کے مختلف یادگار واقعات شیئر کیے۔

بقیہ نمبر 40 ﴿قوم کی آواز﴾

والے اقدامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر امجد سراج میمن، پروفیسر ڈاکٹر خالد احمد شیر، سیکریٹری ہیلتھ ڈاکٹر سراج ساگی، ڈاکٹر سلیمان، ڈاکٹر عرفان سمیت دیگر اہم شخصیات، طبی ماہرین، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے شرکت کی۔مقررین نے ریبیز کو ایک سنگین اور جان لیوا بیماری قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے بچاؤ کے لیے عوام کو بنیادی احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی امداد کے بارے میں مکمل آگاہی فراہم کرنا ضروری ہے۔سید ناصر حسین شاہ نے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریبیز ایک اہم اور جان لیوا بیماری ہے، اس کے بارے میں عوام میں آگاہی پیدا کرنا بے حد ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ بروقت احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ریبیز جیسی خطرناک بیماری سے بچاؤ ممکن ہے، اس لیے شہریوں کو کتے کے کاٹنے کے بعد فوری طور پر ضروری طبی اقدامات کرنے چاہئیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ معصوم بچوں اور شہریوں کی جانیں انتہائی قیمتی ہیں اور ریبیز سے بچاؤ کے لیے آگاہی مہمات کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ جانور کے کاٹنے یا نوچنے کی صورت میں فوری طور پر متاثرہ حصے کو صاف پانی اور صابن سے اچھی طرح دھونا چاہیے اور طبی مرکز سے رجوع کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ جگہ کو تقریباً 20 منٹ تک دھونے سے ریبیز کے خطرے کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے، تاہم کسی بھی مشتبہ جانور کے کاٹنے کے بعد طبی ماہر سے فوری مشورہ اور تجویز کردہ علاج حاصل کرنا ضروری ہے۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ ایسے واقعات کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کریں۔سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے ریبیز کی روک تھام کے لیے کتوں کی نس بندی کا پروگرام بھی جاری ہے۔اس پروگرام کا مقصد آوارہ کتوں کی تعداد میں اضافے کو کنٹرول کرنا اور ریبیز کے پھیلاؤ کے امکانات کو کم کرنا ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ صوبے میں ریبیز کے کیسز میں نمایاں کمی آئی ہے اور حکومت اس حوالے سے مزید اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریبیز سے متاثرہ یا مشتبہ مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کرنے میں طبی عملے کی کارکردگی قابل تحسین ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بیماری کی روک تھام کے لیے طبی اداروں، حکومت اور عوام کے درمیان تعاون ناگزیر ہے۔صوبائی وزیر نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ سندھ کی ہدایت پر پورے صوبے میں ریبیز سینٹرز کے فنڈز کا مسئلہ حل کیا جا چکا ہے، جس سے متاثرہ افراد کو بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ ریبیز کے خلاف اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے آگاہی، علاج اور روک تھام کے تمام پہلوؤں پر بیک وقت توجہ دی جا رہی ہے۔ورکشاپ کے دوران طبی ماہرین نے شہریوں کو ریبیز کی علامات، جانوروں کے کاٹنے کے بعد فوری اقدامات، ویکسینیشن اور بروقت علاج کے حوالے سے آگاہ کیا۔مقررین نے کہا کہ عوام میں درست معلومات کی فراہمی بیماری کے تدارک میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔اس موقع پر سیاسی امور پر گفتگو کرتے ہوئے سید ناصر حسین شاہ نے پاکستان تحریک انصاف سے اپنی سیاست پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل کے لیے دھرنے کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جانا چاہیے۔انہوں نے دہشت گردی کے حوالے سے کہا کہ دہشت گرد کسی قسم کی نرمی کے قابل نہیں اور ریاست کو امن و سلامتی کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھنے چاہئیں۔تقریب کے اختتام پر سید ناصر حسین شاہ کو روایتی اجرک پہنائی گئی اور ان کی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ بھی پیش کی گئی۔شرکاء نے ریبیز سے بچاؤ کے لیے عوامی آگاہی کو مزید وسیع کرنے اور شہریوں تک درست طبی معلومات پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 41 ﴿قوم کی آواز﴾

مسلسل دوسری جیت ہے۔یہ اعزاز پاکستان کے سولر ڈی سی کیبلز کے ذریعے شمسی توانائی کے بڑھتے ہوئے شعبے میں کمپنی کے تعاون کا اعتراف کرتا ہے۔پاکستان کیبلز 62930EN/IEC50618 ٹیسٹنگ اور سرٹیفکیشن کے تقاضوں کے مطابق مقامی طور پر تیار کردہ DSolarSmokeLowFreeHalogen کیبل کے لیے Rheinland TÜV سرٹیفکیشن حاصل کرنے والا پہلا ملک ہے۔اس سال کے شروع میں، پاکستان کیبلز بھی پاکستان کی پہلی کمپنی بن گئی جس نے KEMA لیبز، نیدرلینڈ کے ذریعے اپنی 35kV میڈیم وولٹیج کیبلز کی قسم کا کامیابی سے تجربہ کیا۔

بقیہ نمبر 42 ﴿قوم کی آواز﴾

صرف اختلافات کی حد تک رکھنا چاہیے، اور کسی بھی قسم کی دشمنی میں اتنا آگے نہیں بڑھنا چاہیے کہ ادارے کو نقصان پہنچے کیونکہ یہ اقدام نہ صرف یونیورسٹی کی ساکھ کو متاثر کرتا ہے بلکہ اس سے ہزاروں لوگوں کا روزگار اور نوجوانوں کا مستقبل بھی وابستہ ہے۔ذاکر علی خان فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن محترمہ ارم اکبر علی خان نے کہا کہ ذاکر علی خان پینل نے انتخابات میں کامیابی کے بعد جب سرسید یونیورسٹی کا نظم و نسق سنبھالا تو ہم نے ادارے کی مالی پوزیشن جاننے کے لیے ڈائریکٹر فنانس سے میٹنگ کی جنہوں نے ہمیں بتایا کہ ادارے کے پاس ملازمین کو اگلے ماہ کی تنخواہ دینے کے لیے رقم موجود نہیں تھی۔مگر ہم نے اپنی بہترین اور عمدہ کارکردگی اور مؤثر حکمت عملی کے باعث صرف اٹھارہ ماہ میں خسارہ فری (Deficit Zero) بجٹ پیش۔اس کے علاوہ پے اسکیل ریوینو کے ذریعے تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ بھی کیا گیا۔ہمارے ان اقدامات کے نتیجے میں ریکارڈ داخلے ہوئے جس کی وجہ سے ادارے کی مالی پوزیشن مستحکم ہوئی۔پہلے لاکھوں روپے کے ٹینکرز ڈلوائے جاتے تھے مگر ہماری کوششوں کے باعث اب نلوں میں پانی آ رہا ہے اور ماہانہ لاکھوں روپے کی بچت ہو رہی ہے۔محترمہ ارم اکبر علی خان نے کہا کہ ملازمت پیشہ خواتین کے لیے بچوں کی دیکھ بھال اور نگہداشت ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔اس مسئلے کے حل کے لیے ذاکر علی خان پینل نے سرسید یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلا ڈے کیئر سینٹر قائم کر دیا ہے۔سرسید یونیورسٹی کی یہ کوششیں اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ وہ تعلیم کے میدان میں نہ صرف ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے بلکہ اپنے ملازمین اور طلباء کی فلاح و بہبود کے لیے بھی سنجیدہ ہے۔ذاکر علی خان پینل کی چیئرپرسن محترمہ ارم اکبر علی خان نے کہا کہ ذاکر علی خان پچاس سال سے زائد عرصہ علیگڑھ مسلم یونیورسٹی اولڈ بوائز کے اعزازی جنرل سیکریٹری رہے اور ان کے وژن کی تقلید میں سرسید یونیورسٹی اور علیگڑھ انسٹی ٹیوٹ قائم کئے گئے۔ان اداروں نے متوسط طبقے کے نوجوانوں کے لیے اعلیٰ اور ٹیکنیکل تعلیم کے دروازے کھولے اور کراچی کے نوجوانوں کا احساس محرومی دور کیا۔سرسید یونیورسٹی کے رجسٹرار لیفٹیننٹ کرنل جمشید علی نے کہا کہ سیاست سے بالاتر ہو کر ادارے کی ترقی اور فروغ کے لیے کام کرنا ہوگا۔سرسید یونیورسٹی کی انتظامیہ کا وژن اور مشن واضح ہے۔اعلیٰ معیاری تعلیم کا فروغ اور خوشگوار و محفوظ ماحول کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔یہ تمام اقدامات سرسید یونیورسٹی کی عزم و ہمت کی مثال ہیں اور ادارے کی ترقی کی راہوں کو روشن سے روشن تر کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 43 ﴿قوم کی آواز﴾

تا گیر یا عبدالقادر بلوانی محمد حسین موسانی، حارث شکور، مرتضیٰ انجاز سانیا، سید حسیب احمد ندیم پولانی اور ایم بلال نصیر شامل ہیں۔سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کی نئی قیادت نے اس کھیل شکایتی نظام متعارف کرانے اور طویل عرصے سے زیر التوا انڈسٹری ہاؤس منصوبے پر تعمیراتی کام شروع کرنے کا اعلان کیا۔نو منتخب صدر عبدالہادی کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے اراکین کی شکایات کے اندراج اور ان پر پیش رفت کی نگرانی کی جائے گی جبکہ متعلقہ اداروں کے ذریعے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ساعت کے سرپرست اعلیٰ زبیر موتی والا نے کے الیکٹرک کی بندش اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خاتمے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلاتعطل بجلی کی فراہمی صنعتی پیداوار کے لیے ناگزیر ہے۔انہوں نے بتایا کہ سات مونڈ کے حالیہ بورڈ اجلاس میں صنعتوں کے اہم مسائل پیش کیے گئے جن کے حل کی تجاویز آئندہ اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی۔ایسوسی ایشن کے سرپرست سلیم پاریکھ نے نئی قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے سبکدوش عہدیداران کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ یہ امر قابل فخر ہے کہ سابق عہدیداران بھی بدستور ایسوسی ایمان کی سرگرمیوں میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔اجلاس سے ایسوسی ایشن کے سبکدوش ہونے والے صدر عبدالرحمان فدا، دوسرے سینئر رہنماؤں اور سابق صدور جاوید بلوانی، مجید عزیز، یونس بشیر سلیمان جاؤلہ ریاض الدین نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ نمبر 44 ﴿قوم کی آواز﴾

عملے کے پانچ ارکان کو قتل کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 3 پاکستانی، 1 بھارتی، میانماری اور انڈونیشین شہری شامل ہے۔عالمی نقشے دیکھیں پنٹ لینڈ کے ریاستی حکام نے تجارتی ٹینکر کا مکمل کنٹرول حاصل کر لیا ہے جبکہ ابتدائی اطلاع ہے کہ قزاقوں کی فائرنگ سے عملے کے چار ارکان زخمی بھی ہوئے۔؟ آپریشن کے دوران ہتھیار ڈالنے سے انکار پر 9 قزاقوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے

بقیہ نمبر 45 ﴿قوم کی آواز﴾

جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ انسانیت، امن اور قومی استحکام کے خلاف کارروائی ہے۔پوری قوم اپنے بہادر شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد مکمل صحت یابی نصیب ہو۔ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دے گی اور ملک میں امن، استحکام اور ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں، سیکیورٹی فورسز اور امدادی ٹیموں کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملکی سلامتی کیلئے ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ نمبر 46 ﴿قوم کی آواز﴾

ایسوسی ایشن اعلامیے کے مطابق اسماعیل ستار چیئرمین، قاسم یعقوب پراچہ سینئر وائس چیئرمین اور شاہ شمس العارفین وائس چیئرمین کی نشستوں پر کامیاب قرار پائے ہیں۔سالٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے 20 رکنی ایگزیکٹو کمیٹی کی حتمی فہرست بھی جاری کی ہے جس کے مطابق ایگزیکٹو کمیٹی میں اسماعیل ستار، قاسم یعقوب پراچہ، شاہ شمس العارفین، محمد علی شاہد، ذیشان عبدالعزیز، خالد محمود پراچہ، محمد اسلم، طارق محمود، طلحہ حسین خان اور شکیل احمد سموں شامل ہیں۔اسی طرح نعیم اقبال، جواد انور خان شیروانی، محمد سہیل، فیضان عبدالرزاق، زوہیب جاوید اختر، شیخ عامر ہمگوں، شان محمد، بشریٰ سلیمان، طارق محمود اختر اور سعد عمران بھی ایگزیکٹو کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔سالٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے نو منتخب چیئرمین اسماعیل ستار نے ممبران کے بھرپور اعتماد پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ نمک کے برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے اور حکومت کے سامنے اپنے ممبران کی مضبوط آواز بن کر نمک کی برآمدات کو فروغ دینے اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے نئی مارکیٹوں تک رسائی کی بھرپور کوششیں کریں گے۔

بقیہ نمبر 47 ﴿قوم کی آواز﴾

منصوبہ ڈی ایچ اے اور کلفٹن کے رہائشیوں کو روزانہ مزید ایک کروڑ گیلن پانی فراہم کرے گا۔ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے بتایا کہ انہوں نے فروری 2024 میں ہونے والے انتخابات کے بعد اس منصوبے کے پی سی ون کی منظوری اور پیش رفت کے لیے آواز اٹھائی تھی۔ان کے مطابق منصوبے کا مقصد ڈی ایچ اے اور کلفٹن کے شہریوں کو پانی کی مستقل فراہمی یقینی بنانا اور پانی کے حصول کے لیے ٹینکرز پر انحصار کم کرنا ہے۔انہوں نے منصوبے کی پیش رفت پر چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، اسٹیشن کمانڈر کنٹونمنٹ بورڈ کلفٹن بریگیڈیئر عمران اصغر، پروجیکٹ ڈائریکٹر بریگیڈیئر عدنان اختر علی اور کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن (KW&SC) کے ایم ڈی، سی او او اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ڈاکٹر بیگ کے مطابق منصوبے کی لاگت پر نظر ثانی کے بعد اسے 14.23**ارب روپے** مقرر کیا گیا ہے اور منصوبے کو 15 ماہ میں مکمل کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (FWO) کے درمیان معاہدے پر دستخط ہونا اس منصوبے کی عملی تکمیل کی جانب اہم پیش رفت ہے۔انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں ڈی ایچ اے ریزیڈنٹس سوسائٹی (DRS) کے نمائندگان سے بھی ملاقات ہوئی، جس میں صدر اور اراکین نے منصوبے کے معاہدے پر دستخط ہونے پر خوشی کا اظہار کیا۔ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے تجویز پیش کی کہ ڈی ایچ اے اور کلفٹن کے ممتاز رہائشیوں پر مشتمل ایک مانیٹرنگ کمیٹی تشکیل دی جائے جو منصوبے پر کام کی رفتار اور معیار کی نگرانی کرے اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔انہوں نے منصوبے کے حوالے سے ایک اہم وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی فراہمی کا ذریعہ **کینجھر جھیل** ہوگا اور پانی دملوٹی کے کنوؤں سے حاصل نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ منصوبے کے تحت فراہم کیے جانے والے پانی کی قیمت رہائشیوں کے لیے 70**پیسے فی گیلن** مقرر کی جائے گی، جس سے شہریوں کو ماہانہ پانی خریدنے کے اخراجات میں نمایاں ریلیف ملنے کی توقع ہے۔ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ پانی کی مسلسل اور مناسب فراہمی کراچی کے بنیادی مسائل میں شامل ہے اور شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑے منصوبوں پر کام کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ دملوٹی۔ڈی ایچ اے پائپ لائن منصوبہ ڈی ایچ اے اور کلفٹن کے رہائشیوں کی پانی کی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔انہوں نے کراچی کے وسیع تر پانی کے مسئلے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ وفاقی حکومت کے ساتھ **کے فور منصوبے** پر بھی کام کر رہے ہیں۔ان کے مطابق کراچی کو مجموعی طور پر تقریباً 1200**ملین گیلن یومیہ (MGD)** پانی درکار ہے، جبکہ اس وقت شہر کو تقریباً 550MGD پانی دستیاب ہے، جس کے باعث تقریباً 650MGD کا شارٹ فال موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کمی کے فور منصوبے کے ذریعے پوری کرنے کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر 48 ﴿قوم کی آواز﴾

45 کاروباری افراد نے کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل کے دفتر کے ذریعے رجسٹریشن کرائی ہے۔یہ تجارتی نمائش 14 سے 18 اکتوبر 2026 تک گریٹر جکارتہ میں واقع CityBSD ICE میں منعقد ہوگی۔قونصل جنرل انڈونیشیا کراچی کی جانب سے تقریباً 20 کاروباری افراد کو وفد کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔انتخاب کے لیے ان کے سابقہ درآمدی اور کاروباری ریکارڈ، انڈونیشیا کے ساتھ تجارتی روابط، کاروباری استعداد اور TEI 2026 میں نمائندگی کرنے والے شعبوں سے مطابقت کو مدنظر رکھا گیا ہے۔دیگر رجسٹرڈ شرکاء بھی اپنی ذاتی انتظامات کے تحت نمائش میں شرکت کر سکتے ہیں۔اس سال رجسٹریشن کرانے والے کاروباری افراد کا تعلق کراچی کے علاوہ سندھ کے دیگر شہروں، جن میں حیدرآباد اور نوابشاہ شامل ہیں، سے بھی ہے، جو صوبے کی کاروباری برادری میں انڈونیشیا کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔تجارتی مشن کی روانگی سے قبل کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل نے منگل کے روز پری ڈیپارچر ٹیکنیکل میٹنگ اور بزنس لنچ کا اہتمام کیا، جس میں TEI 2026 میں شرکت کے حوالے سے حتمی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں بزنس میچنگ، شرکت کے انتظامات اور نمائش کے دوران دستیاب کاروباری مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ شرکاء کو ایک دوسرے سے کاروباری روابط بڑھانے کا موقع بھی فراہم کیا گیا۔کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل مذاکرا، ایم اے نے کہا کہ تجارتی مشن کی کامیابی کا اندازہ صرف وفد میں شامل افراد یا ہونے والی ملاقاتوں کی تعداد سے نہیں بلکہ حقیقی کاروباری نتائج سے لگایا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ قونصل خانے کی خواہش ہے کہ نئے کاروباری رابطے حقیقی تجارتی شراکت داری میں تبدیل ہوں، ابتدائی کاروباری استفسارات سنجیدہ مذاکرات تک پہنچیں اور پہلے سے موجود شراکت داریاں مزید مضبوط ہوں۔انہوں نے کہا کہ شرکاء کو TEI میں شرکت سے قبل اپنے واضح تجارتی اہداف متعین کرنے چاہئیں اور اپنی کاروباری ضروریات کے مطابق متعلقہ انڈونیشین کمپنیوں کے ساتھ مؤثر رابطے قائم کرنے چاہئیں۔TEL 2026 کی تیاری گزشتہ سال کے کامیاب نتائج کے پس منظر میں کی جا رہی ہے۔TEL 2025 میں مجموعی طور پر 22.8 ارب امریکی ڈالر کے تجارتی لین دین ریکارڈ کیے گئے تھے، جبکہ نمائش میں 34 ہزار سے زائد افراد اور 8 ہزار سے زائد بین الاقوامی خریداروں نے شرکت کی تھی۔سندھ کے کاروباری وفد نے بھی گزشتہ سال نمایاں نتائج حاصل کیے تھے۔کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل کی جانب سے مربوط کیے گئے 25 رکنی وفد نے TEL 2025 کے دوران تقریباً 22.9 ملین امریکی ڈالر کے تجارتی معاہدے کیے تھے۔ان معاہدوں کا تعلق اجناس، آٹو موٹو پارٹس، ٹیکسٹائل، فیشن، ادویات، طبی آلات اور کھانے پینے کی اشیا سمیت مختلف شعبوں سے تھا۔TEL 2026 کے دوران قونصل جنرل کا دفتر پاکستانی درآمد کنندگان اور انڈونیشیائی کمپنیوں کے درمیان مزید 200 ٹو ٹو بزنس (B2B) ملاقاتوں کا انتظام کرے گا۔

بقیہ نمبر 49 ﴿قوم کی آواز﴾

محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے دست راست، تحریک پاکستان کے سرکردہ رہنما، مملکت خداداد پاکستان کے پہلے وزیر اعظم قائد ملت نواب خان لیاقت علی خان کے یوم پیدائش یکم اکتوبر کو سرکاری سطح پر منایا جائے قائد ملت کے کارنامے ناقابل فراموش ہیں عوامی جمہوریہ چین سے دوستی کی لازوال بنیاد قائد ملت کا ہی کارنامہ ہے ایک بیان میں اسلم خان فاروقی نے کہا کہ قائد ملت قدم قدم پر قائداعظم کے شانہ بشانہ رہے انہی کی کوششوں سے 1941ء کے انتخابات میں کانگریس کے مقابلے میں آل انڈیا مسلم لیگ کو مسلمانوں نے ووٹ دیا اور بعد ازاں قائداعظم کے ساتھ قائد ملت کی انتھک کاوشوں کے نتیجے میں ہی 14 اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر وطن عزیز پاکستان کے نام سے معرض وجود میں آیا تھا قائد ملت کا شمار پاکستان کے صف اول کے رہنماؤں اور معماران وطن میں ہوتا ہے ان کی قومی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 50 ﴿قوم کی آواز﴾

پورٹ قاسم کے قاسم انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل پر کارروائی کرتے ہوئے دبئی سے آنے والے مشتبہ کنٹینرز سے بھاری مقدار میں غیر ملکی شراب اور بیئر برآمد کر لی۔اے این ایف ذرائع کے مطابق کنٹینر دبئی سے لاہور بھیجا گیا تھا اور دستاویزات میں اس میں مس پرنٹڈ پیپر رول ظاہر کیے گئے تھے۔مشکوک کارگو کی بنیاد پر کنٹینر کو روک کر تلاشی لی گئی تو بڑی تعداد میں شراب کی بوتلیں اور بیئر کے ٹن برآمد ہوئے۔ذرائع کے مطابق کنٹینر سے مختلف برانڈز کی مجموعی طور پر 12 ہزار 600 شراب کی بوتلیں اور 11 ہزار 40 بیئر کے ٹن برآمد کیے گئے۔کارگو کا برآمد کنندہ دبئی کی کمپنی جبکہ کنسائنی لاہور کی شاہ عالم مارکیٹ میں واقع کمپنی کو ظاہر کیا گیا تھا۔اے این ایف کلفٹن میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ ملوث افراد کی گرفتاری کے لیے چھاپے اور تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 51 ﴿قوم کی آواز﴾

کے نام سے نئی شناخت دینا کے الیکٹرک کے نئے بورڈ اور انتظامیہ کے تحت طویل المدتی تنوع کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔کے الیکٹرک روایتی بجلی کی تقسیم کے دائرے سے آگے بڑھتے ہوئے مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ توانائی کے ایک جامع نظام کی تشکیل پر کام کر رہا ہے۔اسی حکمت عملی کے تحت کے نوا کو مختلف مالیاتی طریقہ کار کے ذریعے قابل تجدید توانائی، جس میں شمسی اور ہوا سے پیدا ہونے والی توانائی شامل ہے، توانائی ذخیرہ کرنے اور توانائی کے انتظام سے متعلق حل فراہم کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔اس کے ذریعے کے X نو واہ توانائی کے تحفظ، پائیداری اور صارفین و شیئر ہولڈرز کے لیے قدر میں اضافے کے حوالے سے کے ای کے عزم کو مزید تقویت دے گا۔کے نوا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہاشم رضا نے کہا: کاروبار کے دائرہ کار میں وسعت کے ساتھ نئی شناخت کے نوا کے لیے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی راہ ہموار کرے گی۔اس فیصلے کا وقت قومی سطح پر پاکستان کے توانائی کے شعبے کو مزید مضبوط، پائیدار اور قابل استطاعت بنانے کی سمت میں جاری کوششوں سے ہم آہنگ ہے۔کے نوا اب خود کو ملک بھر میں کمرشل صنعتی اور گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ یوٹیلیٹی پارٹنرز کے لیے زیادہ دانشمندانہ، قابل اعتماد اور پائیدار توانائی کے حل فراہم کرنے والے ادارے کے طور پر پیش کرے گا۔کے نوا شمسی، ہوا سے بجلی پیدا کرنے اور بیٹری ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں معروف عالم اور بین الاقوامی اکیو پمنٹ مینوفیکچررز (OEMs) کے ساتھ شراکت داری کر رہا ہے تا کہ ان کی مہارت اور جدید مصنوعات کو پاکستان میں متعارف کرایا جا سکے۔یہ شراکت داریاں پاکستان میں جدید ٹیکنالوجیز کی منتقلی، مقامی روزگار کے مواقع میں اضافے اور مقامی سطح پر مصنوعات اور توانائی کے حل کی تیاری و ترقی میں معاون ثابت ہوں گی۔

بقیہ نمبر 52 ﴿قوم کی آواز﴾

تیسرے خصوصی تربیتی کورس کے مطالعاتی دورے پر آئے زیر تربیت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس آف پولیس سے مکالماتی نشست میں کہا کہ پولیس کی ذمہ داری صرف جرائم کی روک تھام تک محدود نہیں بلکہ قانون کی بالادستی، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور معاشرے میں امن قائم کرنا بھی اس کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس افسران قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام سے رابطہ اور تعاون بڑھائیں، ان کے مسائل سمجھیں اور ان کے حل میں مؤثر کردار ادا کریں۔پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا مضبوط رشتہ دیرپا امن کی بنیاد ہے۔سید محمد نہال ہاشمی نے زیر تربیت افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے اختیارات دیانت داری، ذمہ داری اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق استعمال کریں اور فرائض کی انجام دہی میں میرٹ، قانون، انصاف اور انسانی وقار کو مقدم رکھیں۔بلوچستان کی صورتحال سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ وہاں دہشت گردی کا مسئلہ پیچیدہ ہے، پائیدار امن کے لیے حفاظتی اقدامات کے ساتھ ترقی، عوامی شمولیت اور معاشی مواقع پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 53 ﴿قوم کی آواز﴾

پی سی ڈی ایم اے سلیم ولی محمد نے چیئرمین ایف بی آر کو ارسال خط میں کہا ہے کہ آئی آر آئی ایس پورٹل کی مسلسل خرابی کے باعث ٹیکس پریکٹیشنرز اور ٹیکس دہندگان کو مقررہ مدت میں انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ پرال کے نوٹس میں بار ہا لایا گیا تا ہم آئی آر آئی ایس پورٹل گزشتہ ایک ہفتے سے زائد عرصے سے غیر فعال ہے جس کے باعث ٹیکس پریکٹیشنرز کے لیے بروقت ریٹرن فائل کرنا مشکل ہو گیا ہے۔سلیم ولی محمد نے کہا کہ متعدد مرتبہ توجہ دلانے کے باوجود صورتحال اب تک حل طلب ہے جس سے ٹیکس کمیونٹی کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا ہے لہٰذا ٹیکس دہندگان اور پریکٹیشنرز کو انکم ٹیکس ریٹرن فائلنگ کی قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے مناسب وقت فراہم کیا جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ڈیڈ لائن میں توسیع کی بدولت ٹیکس دہندگان و ٹیکس پریکٹیشنرز کو بغیر کسی غیر ضروری دشواری کے اپنی قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے میں سہولت ملے گی۔

پاکستان کیبلز کیلئے تیسرا بین الاقوامی سولر ٹیکنالوجی ایکسی لینس ایوارڈ

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے سینئر پروجیکٹ منیجر سیلز قاسم الزمان باجوہ کو اپنے ہاتھوں ایوارڈ پیش کیا

لاہور (بزنس رپورٹر) پاکستان کیبلز لمیٹڈ کو حال ہی میں لاہور میں انرجی اپڈیٹس کے زیر اہتمام تیسرے بین الاقوامی سولر ٹیکنالوجی ایکسی لینس ایوارڈز 2026 میں سولر ڈی سی کیبلز کے لیے خصوصی کیٹیگری کے فاتح کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ صوبائی وزیر توانائی پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے پاکستان کیبلز کی جانب سے ایوارڈ حاصل کرنے والے سینئر منیجر پروجیکٹ سیلز جناب قاسم الزمان باجوہ کو پیش کیا۔ کمپنی کی یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)





دملوٹی ڈی ایچ اے واٹر پائپ لائن منصوبہ، ٹینکر فری ڈی ایچ اے کا خواب پورا

مرزا اختیار بیگ نے منصوبے کیلئے بلاول بھٹو زرداری، مراد علی شاہ، ناصر حسین شاہ اور مرتضیٰ وہاب کی کاوشوں کو سراہا

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 241 کراچی ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے دملوٹی۔ڈی ایچ اے واٹر پائپ لائن منصوبے کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹینکر فری ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (ڈی ایچ اے) کا خواب اب حقیقت بننے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دملوٹی سے ڈی ایچ اے تک مخصوص واٹر پائپ لائن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سالٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے انتخابات، اسماعیل ستار بلا مقابلہ چیئرمین منتخب

ایگزیکٹو کمیٹی کے 20 ارکان کی فہرست بھی جاری، نئے عہدیداران دو سالہ مدت کے لیے خدمات انجام دیں گے

کراچی (این این آئی) سالٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ایس ایم اے پی) کے 2026-28 کی مدت کے لیے نئے عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہوگئے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

دہشت گردی کے خلاف قومی عزم مزید مضبوط بنایا جائے، عشرت العباد

سابق گورنر سندھ کی دہشت گرد حملے کی مذمت، شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ اور میری پیچان پاکستان کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے حالیہ دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سرسید یونیورسٹی معیاری تعلیم کی بدولت بڑا برانڈ بن چکا، ارم اکبر علی

قلیل عرصے میں موثر اقدامات کے نتیجے میں خسارہ فری بجٹ پیش کیا، چیئرپرسن ذاکر علی خان پینل

کراچی (بزنس رپورٹر) سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اپنے معیاری تعلیم اور خدمات کی بدولت ایک بڑا برانڈ بن چکی ہے اور ادارے کے خلاف ہرزہ سرائی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔۔ یہ بات ذاکر علی خان پینل کی چیئرپرسن محترمہ ارم اکبر علی خان نے ایک اجلاس میں خواتین سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ادارے کو بدنام کرنے کی کوششیں ناقابل معافی ہیں اور اختلافات کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



انڈونیشیا ٹریڈ ایکسپو 2026 میں سندھ کا کاروباری وفد شرکت کریگا

قونصل جنرل انڈونیشیا مذاکرات نے کہا نئے رابطوں کو حقیقی کاروباری شراکت داری اور سنجیدہ مذاکرات میں تبدیل کرنا مشن کی ترجیح ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) انڈونیشیا کے 41 ویں ٹریڈ ایکسپو انڈونیشیا (TEI 2026) میں پاکستانی کاروباری برادری کی دلچسپی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، اور رواں سال سندھ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



قائد ملت کے یوم پیدائش کو سرکاری سطح پر منایا جائے، اسلم فاروقی

کراچی (این این آئی) ہانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محبِّ قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

دبئی سے آنے والے کنٹینر سے بھاری مقدار میں شراب اور بیئر برآمد


کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کے سولر نے کے نووا کے نام سے نئی شناخت اختیار کرلی

مربوط قابل تجدید توانائی کے حل کے پلیٹ فارم کے طور پر دائرکار وسیع ہوگیا، ہاشم رضا



کراچی (بزنس رپورٹر) کے الیکٹرک کے سرمایہ کاری کا ذیلی ادارہ، کے ای وینچرز کمپنی کی مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی کے سولر نے آج سے باضابطہ طور پر اپنا نام تبدیل کر کے کے نووا رکھ لیا ہے۔ اس تبدیلی کے ساتھ کمپنی نے اپنے دائرکار کو وسعت دیتے ہوئے خود کو قابل تجدید توانائی کے جامع اور مربوط حل فراہم کرنے والے پلیٹ فارم کے طور پر متعارف کرایا ہے۔ کے سولر کو کے نووا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



صومالیہ میں یرغمال جہاز کیلئے آپریشن، قزاقوں کی فائرنگ سے 3 پاکستانیوں سمیت 5 جاں بحق

صومالیہ حکام کے مطابق 9 قزاقوں کو حراست میں لے کر جہاز پر کنٹرول حاصل کرلیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) صومالیہ میں قزاقوں کے ہاتھوں 21 اپریل سے یرغمال کارگو جہاز آنر 25 اور عملے کی بازیابی کیلئے فورسز کی جانب سے آپریشن کیا گیا جس میں 5 یرغمالی مارے گئے جبکہ فورسز نے جہاز پر کنٹرول حاصل کرلیا۔ صومالیہ ٹائمز کے مطابق پنٹ لینڈ میری ٹائم پولیس فورس بندر یلا کے ساحل پر قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال پلاؤ کے جھنڈے والے آئل ٹینکر ایم ٹی آنر (آنر 25) کا مکمل قبضہ حاصل کرلیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق موغادیشو کے لیے 18,500 بیرل ایندھن لے جانے والے جہاز کو 21 اپریل 2026 کو قزاقوں نے ہائی جیک کرلیا تھا۔ صومالیہ ٹائمز کے مطابق انٹیلی جنس کی مدد سے آپریشن کیا گیا جس کے دوران قزاقوں کی جانب سے فائرنگ کی گئی اور یرغمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)


عبدالہادی سائٹ ایسوسی ایشن کے پھر صدر منتخب

فرحان اشرفی سینئر نائب صدر اور شہریار سلیم شاہ نائب صدر بن گئے، سلیم پاریکھ کی زیر صدارت 62 واں اجلاس



کراچی (بزنس رپورٹر) سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کراچی کے 28 – 2028 کے انتخابات میں معروف صنعت کار عبدالہادی بلا مقابلہ صدر، محمد فرحان اشرفی سینئر نائب صدر اور شہریار سلیم شاہ نائب صدر منتخب ہوگئے ہیں۔ ایسوسی ایشن کے سلیم پاریکھ کی زیر صدارت 62 ویں سالانہ اجلاس عام میں چیئرمین الیکشن کمیشن محمد طارق یوسف نے کامیاب عہدیداروں کا اعلان کیا۔ ایگزیکٹو کمیٹی کے نو منتخب اراکین میں محمد کامران عربی محمد سلیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

کمرشل امپورٹرز کا چیئرمین ایف بی آر سے انکم ٹیکس ریٹرن فائلنگ کی تاریخ میں 30 اکتوبر تک توسیع کا مطالبہ، ٹیکس کمیونٹی کو غیر ضروری مشکلات سے بچانے کے لیے ریلیف دیا جائے، چیئرمین پی سی ڈی ایم اے کا چیئرمین ایف بی آر کو خط ارسال



کراچی (این این آئی) پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائرمز چینٹس ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) نے چیئرمین ایف بی فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد محمود لنگڑیال سے مطالبہ کیا ہے کہ آئی آر آئی ایس پورٹل میں مسلسل خرابی کے باعث 30 ستمبر 2026 کو ختم ہونے والے ٹیکس پیریڈ کی انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کرتے ہوئے اسے 30 اکتوبر 2026 تک بڑھایا جائے۔ چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

پولیس افسران قانون کی بالادستی اور انصاف کو مقدم رکھیں، گورنر سندھ

پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ دیرپا امن کی بنیاد ہے، بلوچستان کے زیر تربیت ڈی ایس پیز سے مکالماتی نشست، سید سیف الرحمٰن موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ زیر تربیت پولیس افسران ملک کا مستقبل ہیں، تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوان افسران امن، استحکام اور خوشحالی کے قیام میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ گورنر سندھ نے گورنر ہاؤس کراچی میں بلوچستان پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

پی ایچ ایم اے انتخابات: سید ضیاء علمدار حسین چیئرمین منتخب ہوگئے

سالانہ اے جی ایم میں عبدالجبار گجیانی سینئر وائس چیئرمین، میاں فرخ اقبال وائس چیئرمین بن گئے

پی ایچ ایم اے کے پیٹرن انچیف جاوید بلوانی کا سبکدوش چیئرمین محمد بابر خان اور فیصل ارشد شیخ کو خراج تحسین

شبیر ہارون بلوانی، محمد عدیل ایاز، اختر میمن، الطاف حسین، محمد الیاس گیگی، افتخار اشرف، محمد ریاض احمد بھی منتخب



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (PHMA) نے 2026- 2028 کی مدت کے لیے نئے عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کا انتخاب کرلیا ہے۔ انتخابات کے سرکاری نتائج کا اعلان 29 ستمبر 2026 کو منعقد ہونے والے سالانہ جنرل باڈی اجلاس (AGM) میں کیا گیا، جس کے مطابق سید ضیاء علمدار، حسین عبدالجبار گجیانی اور میاں فرخ اقبال بالترتیب مرکزی چیئرمین، سینئر وائس چیئرمین اور وائس چیئرمین منتخب ہوگئے۔ سدرن زون سے پی ایچ ایم اے کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین میں عبدالجبار گجیانی، شبیر ہارون لوانی، محمد عدیل ایاز، جاوید لوانی، محمد ریاض، احمد محمود، اختر میمن، الطاف حسین، محمد الیاس، محمد سلیم لگی، افتخار نگاریہ، محمد اشرف، شیر یار بشیر، امان احمد اور اللہ والا نعمان رؤف شامل ہیں، جنہیں بالمقابلہ منتخب کیا گیا۔ مرکزی سینئر وائس چیئرمین عبدالجبار گجیانی زونل کمیٹی ساؤتھ کے سربراہ کی حیثیت سے زونل چیئرمین بھی ہوں گے، جبکہ شبیر ہارون لوانی اور محمد عدیل ایاز بالترتیب زونل سینئر وائس چیئرمین اور زونل وائس چیئرمین ہوں گے۔ نارتھ زون سے نومنتخب ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین میں سید ضیاء علمدار، حسین اظہار الحق، نوید افضل، محمد زنون، مذیر علی، حسن نثار، محمد احمد خباب، انیس نعیم، ملک محمد امان اللہ، ابرار خان، مشرف احمد خواجہ، محمد اختر اقبال اور ساویز الرحمٰن شامل ہیں۔ مرکزی وائس چیئرمین میاں فرخ اقبال زونل کمیٹی کے سربراہ کی حیثیت سے زونل چیئرمین بھی ہوں گے، جبکہ اظہار الحق اور نوید افضل بالترتیب زونل سینئر وائس چیئرمین اور زونل وائس چیئرمین کی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ نومنتخب عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے امیدواروں کی حمایت ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ گروپ (EDG) نے کی، جس کی سربراہی محمد جاوید لوانی کر رہے ہیں، جو پی ایچ ایم اے کے پیٹرن اِن چیف بھی ہیں۔ اس موقع پر محمد جاوید لوانی نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نومنتخب نمائندگان اپنی ذمہ داریاں خلوص اور بے لوث جذبے کے ساتھ ادا کریں گے اور ویلیو سبکدوش ہونے والے چیئرمین، عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ باڈی نے چیئرمین کی قیادت میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل صنعت کے مفادات کے فروغ اور تحفظ کے لیے فعال کردار ادا کیا۔ نومنتخب چیئرمین سید ضیاء علمدار نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل صنعت کے فروغ، تحفظ اور ترقی کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے اور صنعت و برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے۔ سالانہ جنرل باڈی اجلاس میں سبکدوش ہونے والے مرکزی چیئرمین محمد بابر خان اور زونل چیئرمین فیصل ارشد شیخ نے اپنی سالانہ کارکردگی اور سرگرمیوں کی رپورٹس پیش کیں اور اپنی مدت کے دوران ایسوسی ایشن کے مقاصد اور اہداف کے حصول کے لیے کی جانے والی کوششوں سے اراکین کو آگاہ کیا۔ جنرل باڈی کے اراکین نے سبکدوش ہونے والے چیئرمین اور دیگر عہدیداران کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

ادھورے کام مکمل کروں گا دوسری مرتبہ بلا مقابلہ چیئرمین آباد بننے والے محمد حنیف گوہر کا مکالمہ

اپنے قائد محسن شیخانی اور پاکستان کے تمام بلڈرز ڈیولپرز اور آباد ممبران کی توقعات پر ایک بار پھر پورا اتروں گا

متحرک آباد ممبران دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین، خورشید عالم وائس چیئرمین منتخب، سالانہ جنرل باڈی اجلاس منعقد

حنیف میمن، فیاض الیاس، نصرت مرزا چغتائی، ناصر لاکھانی، محمد ایوب، راحیل رنچ، دانش تالو، عامر امین تھارا سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں منتخب



کراچی (بزنس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سالانہ انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہوگئے جبکہ دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر، اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آباد ہاؤس میں منعقد ہونے والے آباد کا سالانہ جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں سال 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے تاہم دونوں امیدواروں نے محمد حنیف گوہر کے حق میں اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے جبکہ تمام اراکین نے متفقہ طور پر سال 2026-28 کے لیے آباد کے digr نئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے اپنے خطاب میں سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آباد کے سابق عہدیداران نے مشکل حالات میں آباد ممبران کے مسائل حل کرنے، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا۔ محسن شیخانی نے کہا کہ آباد کے تمام ممبران کے اتحاد اور ان کی محنت کی بدولت آج آباد کے مضبوط ادارہ بن چکی ہے۔ تعمیراتی شعبے یا ملکی معیشت کی بات ہو حکومتی سطح پر آباد کے چیئرمین کی تجویز کو اہمیت دی جاتی ہے۔ محسن شیخانی نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی آباد ممبران متحد ہو کر ملکی ترقی کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اس موقع پر نومنتخب چیئرمین محمد حنیف گوہر نے تمام ممبران سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے قائد محسن شیخانی اور پاکستان کے تمام بلڈرز اور ڈیولپرز اور آباد کے ممبران کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے بلا تفریق ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے اور تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ آباد کی طاقت ممبران کے باہمی اتحاد پر منحصر ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ آباد الیکشن میں ممبران نے جس اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے وہ ہمیشہ برقرار رہے گا۔ انھوں نے آباد کے ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ میں شاندار خدمات پر آباد کے سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی نے خطاب کرتے ہوئے تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی کی آباد کے لیے گراں قدر خدمات ہیں، انھوں نے ہمیشہ آباد کے عہدیداران کی سرپرستی کی اور مشکل سے مشکل مسئلے کو بھی حل کیا۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ سال معاشی لحاظ سے انتہائی مشکل دور تھا، آباد کو بہت بڑے چیلنجز کا سامنا تھا لیکن میں اپنے سرپرست اعلیٰ محسن شیخانی کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انھوں نے ہمیشہ ہماری رہنمائی کی اور ہم نے بہت سی کامیابیاں حاصل کی اور جو رہ گئی ہیں مجھے پوری امید ہے کہ آباد کی نومنتخب ٹیم اپنی صلاحیتوں سے مزید کامیابیاں حاصل کرے گی۔ محمد حسن بخشی نے کہا کہ آباد گزشتہ 53 سال سے ملکی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہے، آباد کے ممبرز بلڈرز نے لاکھوں لوگوں کو گھروں کی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ انھوں نے بتایا آباد کی مسلسل کوششوں سے انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق E-7 اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا خاتمہ ہوا ہے۔ ہم نے اس کیخلاف ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھائی۔۔ سبکدوش ہونے والے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید نے بھی تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی صنعت کے فروغ اور ملکی معیشت کی ترقی کے لیے تمام نو منتخب عہدیداران کی مکمل سپورٹ کریں گے۔ قبل ازیں سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات ہوئے جس میں الائیڈ پینل کے عامر امین تھارا، عفان قریشی، دانش تالو، فیاض الیاس، محمد ہارون کریم، ندیم جیوا، منصور عزیز، محمد حنیف میمن، محمد کاشف شیخ، محمد سلیمان سلیم، محمد ناصر لاکھانی، راحیل رنچ، رئیس احمد، رمیض غازیانی، سید معیز زیدی، نصرت مرزا چغتائی، یونس لاکھانی، حنیف گوہر، منہا محمد مجتبیٰ اکرام، سید خورشید عالم، معیظ ثاقب، عزیر شیخ، دانش بن رؤف، زوہیر اسلم اور محمد ایوب بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔



